پندرہ روزہ

الیمان

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

جلد نمبر ۱۲ — شمارہ ۱۲

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۳ ذوالحج ۱۴۰۳ — ۱۰ ستمبر ۱۹۸۳

قربانی

علامہ سید سلیمان ندوی

ملت ابراہیمی کی بنیاد ہے

حج درحقیقت خدا کے سامنے اس سرزمین پر حاضر ہو کر جہاں اکثر نبیوں، رسولوں اور برگزیدہ بندوں نے حاضر ہو کر اپنی اطاعت و فرمانبرداری کا اعتراف کیا، اپنی اطاعت و فرمانبرداری کا عہد و اقرار ہے اور ان مقامات میں کھڑے ہو کر اور چل کر خدا کی بارگاہ میں اپنی سیہ کاریوں سے توبہ کرنا اور اپنے روٹھے ہوئے مولا کو منانا ہے تاکہ وہ ہماری طرف پھر رجوع ہو کر وہ تائب گنہگار بندوں کی طرف رجوع ہونے کے لئے ہر وقت تیار ہے وہ رحم و کرم، لطف و عنایت کا بحر بیکراں ہے۔

یہی سبب ہے کہ شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حج اور عمرہ گناہوں کو اس طرح صاف کر دیتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے سونے اور چاندی کے میل اور کھوٹ کو صاف کر دیتی ہے اور جو مومن احرام کی حالت میں ... گزرتا ہے ... جب ڈوبتا ہے تو اس کے گناہوں کو لیکر ڈوبتا ہے۔


صحیح مسلم اور نسائی میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آپ نے یہ بشارت دی کہ عرفہ کے دن سے بڑھ کر کوئی دن نہیں جس میں خدا اپنے بندوں کو دوزخ کے عذاب سے آزاد کرتا ہو، وہ اس دن اپنے بندوں سے قریب ہو کر جلوہ گر ہوتا ہے اور اپنے ان بندوں پر فرشتوں کے سامنے فخر کرتا اور کہتا ہے کہ یہ لوگ کیا چاہتے ہیں ...

... لا ذنب لہ (گناہ سے سچی توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا وہ جس کا کوئی گناہ نہیں) ... تمام پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

گو توبہ سے ہر جگہ گناہ معاف ہوتے ہیں لیکن کعبہ اور عرفات کی کوئی تخصیص نہیں، بلکہ حج کے شعائر، مقامات اور ان کے گوناگوں اثرات کا بنا پر ... برکات کے علاوہ جو یہاں کے سوا اور کہیں نہیں، صدق توبہ کے لئے بہتر سے بہتر موقع پیدا ...

جہاں حضرت ابراہیمؑ نے اپنی اور اپنی اولاد کے لئے دعا مانگی، جہاں حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیلؑ نے اپنی قوم کی ہلاکت کے بعد اپنی پناہ ڈھونڈی، جہاں دوسرے پیغمبروں نے دعائیں کیں، جہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر اپنی اور اپنی امت کے لئے دعائیں مانگیں، وہی مقامات ہم جیسے ... دعاؤں کے ... ہیں ... ہر گنہگار دعا اور مغفرت کے لئے ... اور ان مشاہد کے درمیان ہجوم نفسی کے ... ہو جاتے ہیں اور انسان رحم و کرم کے چھینٹوں سے سیراب ہو جاتا ہے ...

محض خون اور گوشت کی نہیں روح اور دل کی قربانی تھی



شمع توحید کے پروانے۔ خانہ کعبہ کے گرد طواف کا ایک نقشا منظر

حج انسان کی گزشتہ اور آئندہ زندگی کے درمیان حد فاصل کا کام دیتا ہے

ملت ابراہیمی کی اصل بنیاد قربانی تھی ... ہر قسم کی نعمتوں اور برکتوں سے مالا مال کی گئی۔ لیکن یہ قربانی کیا تھی۔ یہ محض خون اور گوشت کی قربانی نہ تھی بلکہ روح اور دل کی قربانی تھی یہ ماسوی اللہ اور غیر کی محبت کی قربانی خدا کی راہ میں تھی یہ اپنے عزیز ترین متاع کو خدا کے سامنے پیش کر دینے کی نذر تھی یہ خدا کی اطاعت ... اور کامل بندگی کا بے مثال منظر تھا۔ یہ تسلیم و رضا اور صبر و شکر کا وہ امتحان تھا جس کو پورا کئے بغیر دنیا کی "پیشوائی" اور آخرت کی "نیکی" نہیں مل سکتی۔ یہ باپ کا اپنے اکلوتے بیٹے کے خون سے زمین کو رنگین کر دینا نہ تھا بلکہ خدا کے سامنے اپنے تمام جذبات اور خواہشوں اور تمناؤں اور آرزوؤں کی قربانی تھی اور خدا کے حکم کے سامنے ... دینا تھا اور جانور کی ظاہری قربانی اسی اندرونی نقش کا ظاہری عکس اور ... حقیقت کا ... تھا۔

مقامات پر حاضر ہو کر ... جہاں جلیل القدر انبیائے کرام ... کے سامنے قبلہ کے ... ہیں ... اور مناجاتوں کی ... اپنی پچھلی زندگی کی کوتاہیوں پر ندامت اور ... اعتراف اور آئندہ اطاعت و فرمانبرداری کا وعدہ اور اقرار ... تجدید کرتا ہے ... زندگی ... بدل جاتا ہے ... سے پیدا ہوتا ہے اسی لئے سرور کائنات صلی اللہ

Lives of poor people sacrificed in power struggle between the elite in Pakistan

From our special correspondent in Karachi

More deaths have been reported from Pakistan, mainly from the interior of Sind and Karachi in protests against the military regime of General Zia. Both civilians and policemen have been killed in the disturbances. On September 10, General Zia's motorcade was pelted with stones as he arrived in Dadu on what was ostensibly a visit to listen to the grievances of the people. According to some reports, at least ten policemen and scores of other people were killed. Zia predictably promised harsher punishments for the instigators. The town has already been surrounded by troops to apprehend the attackers.

The pattern of violence is all too familiar: people are brought out in the streets shouting slogans against the regime and indulging in brick batting with the police. If that fails to provoke a violent reaction, then banks, railway stations and other buildings are attacked, in some cases setting them on fire. The police retaliate and a chain reaction of violence sets in.

Political agitation in Pakistan has always been couched behind convenient slogans. The feudal lords and tribal chiefs who are currently instigating the campaign from their air-conditioned bungalows want to wrest control from their drinking companions in the armed forces. The slogan 'Restoration for Democracy' does not really mean democracy in the conventional sense of the word. What it really means is the end of the present military dictatorship to be replaced by the dictatorship of the feudal lords. In fact the feudal lords would be quite happy to work in conjunction with another military dictator who would give them a little more share in the economic and political pie. The present military regime has been reluctant to share political power with its feudal landlord cousins. The politicians are offered economic inducements and a free for all market but apparently they don't consider that enough.

For Zia 'islamization' means not Islam in its pristine purity but the permanent control of levers of power by the military. Thus, behind the facade of rhetoric, both sides are engaged in a naked struggle for power in which the poor masses are used as cannon-fodder.

In Pakistan's troubled history, thousands of poor people have given their lives for democracy, Islam, freedom, or for '*roti, kapra* and *makaan*' or other assorted slogans. But so far they have received only bullets on their emaciated bodies. When the 'crisis' is over, either through



martial law or even a change of government, the elite have gone about making their deals behind closed doors while the people are shut out and asked to wait a little longer for the benefits to trickle down to them. Does anybody even remember the 3,000 or more poor souls who gave their lives for PNA's *Nizam-e-Mustafa* movement in 1977? What happened to their families, their sons and daughters and their rights to two decent meals a day, or even their honour? People who are now confronting the police and taking bullets on their chests or lashes on their backs will be as surely forgotten as the thousands of dead of the 1977 campaign.

The roots of the present conflict need a better understanding. General Zia announced that he will hold elections to the provincial and national assemblies by March 23, 1985 but there is no definite end in sight to martial law or his own tenure in office. At the same time, he wants to carry out sufficient amendments in the 1973 Constitution to ensure the military's supremacy in all matters. The politicians, led by an assortment of feudal lords of Sind, Baluchistan, the Punjab and NWFP see this as too much power, economic and political, by the military for too long. Since they consider themselves the natural rulers of the country — on the merit of their forefathers' services to the British *raj*, they want power immediately and now.

The best way to achieve this is to capitalize on the genuine grievances of the people, of which the feudal lords themselves are a part, and create a crisis for the government. Other vested interest groups such as lawyers, doctors and teachers are also induced to join the struggle with vague promises. A few of their leaders are later rewarded with cabinet or similar posts or licenses to keep the attention of their professional colleagues in the right direction for possible future rewards.

But the present crisis hangs in a precarious balance: there is sufficient reason to believe that some of the MRD leaders issuing war-cries from their air-conditioned bunglows are doing so at the behest of foreign powers, notably India, the Soviet Union and the US. These powers are after the very existence of Pakistan. They fear the potential of the Muslim masses who, once aroused in the name of Islam will defy all authority and gladly court martyrdom. After all, Pakistan itself was the creation of this kind of a struggle. And in neighbouring Iran, a glorious Islamic movement put paid to the tyranny of a meglomaniac serving a superpower patron. The struggle of the Afghan *mujahideen* in the other neighbouring country also defies all logic and conventional wisdom. The ragtag bands of the *mujahideen* have pinned down the other superpower for more than three years with little more than primitive weapons and the power of *iman*. Thus the enemies of Islam would like to preclude that possibility from Pakistan permanently. And the feudal lords are playing willing tools, like Mujib, Bhutto, and Yahya did in 1970-71, to dismember Pakistan.

The problems and grievances of the people of Pakistan are many and deep. Most of them are brought on by the greedy feudalists, the captains of industry and commerce and the rapacious lifestyle of the officer corps of the armed forces. Pakistan's precious resources are squandered on catering to the whims of these parasites or their families. They get their medical treatment in Washington, New York, Paris or London and their high-walled air-conditioned bungalows have nothing in common with the mud hovels of the majority of the poverty-stricken people.

Indeed, there must be a change in Pakistan. But not from one set of parasites to another who ride on the emaciated backs of the poor people to the Presidency. Zia must go but not to be replaced by the present crop of politicians. They are all partners in crime. □

(Al-Hilal's special correspondent will continue to report on developments in Pakistan).

پیپلز پارٹی اِن لندن

سابق وزیر اعظم نے نیپ کی صوبائی حکومتیں ختم کر کے انہیں جیلوں میں ٹھونس کر ان پر سازش کے مقدمات شروع کر رکھے تھے اور ایف ایس ایف اور اس کے وزن پر دوسری قوتوں نے ملک میں دہشت گردی کی فضا قائم کر رکھی تھی ان کارروائیوں کے بعد وزیر اعظم نے ایک یورپ کا دورہ کیا سردیوں کے دن تھے وہ یورپ میں مغربی جرمنی گئے اور یہاں کے بعض پاکستانی باشندوں نے ان سے درخواست کی کہ وہ یہاں مقیم پاکستانیوں سے ضرور ملیں کیونکہ جو پاکستانی یہاں سیاسی پناہ لے کر بیٹھے ہیں انہوں نے بہت تنگ کر رکھا ہے چنانچہ طے ہوا کہ وزیر اعظم ائرپورٹ پر ذرا جلدی پہنچ جائیں گے اور وہاں پاکستانیوں سے ملاقات کریں گے ملاقات کے موقع پر ایک پاکستانی نے اٹھ کر کہا کہ یہ حضرات جو سامنے کی نشستوں پر بیٹھے ہیں یہ سب سیاسی پناہ گزین ہیں اور پاکستان کے خلاف بہت باتیں کرتے ہیں وزیر اعظم نے ایک صاحب سے پوچھا کہ آپ نے کیوں سیاسی پناہ لی ہے اس نے جواب دیا کہ میں مرزا غلام احمد کا ماننے والا ہوں اس لئے مجھے خطرہ ہے کہ پاکستان میں

غیر سیاسی باتیں

عبدالقادر حسن

میرے ساتھ برا سلوک ہو گا دوسرے سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ جناب میں نیپ کا ورکر ہوں اور مجھے خطرہ تھا کہ پاکستان میں رہتا تو گرفتار کر لیا جاتا اس لئے میں یہاں آ گیا ہوں اور سیاسی پناہ لے لی ہے اس طرح سب نے وزیر اعظم کو سیاسی پناہ لینے کی کوئی نہ کوئی وجہ بتائی یہ سب سن کر وزیر اعظم نے پوچھا کہ کیا سیاسی پناہ آسانی سے مل جاتی ہے؟ جواب ملا جی ہاں! آسانی سے مل جاتی ہے۔ پھر پوچھا کہ کھانے دانے کو بھی ملتا ہے؟ جواب تھا۔ جی ہاں معقول مالی امداد بھی ملتی ہے پھر پوچھا کہ خوب رج کر کھاتے پیتے ہو؟ جواب ملا جی مزے سے گزر رہی ہے یہ سن کر وزیر اعظم نے کہا کہ ڈٹے رہو اور عیش کرو دوسروں کو بھی بلا لو جب جی بھر جائے اور گھر یاد آنے لگے تو چلے آنا میں کچھ نہیں کہوں گا تم لوگوں نے تو کپڑے بھی اچھے پہن رکھے ہیں موج کرو سلام علیکم۔

مغربی جرمنی میں مقیم ایک پاکستانی صحافت کار نے جو اس موقع پر موجود تھا مجھے یہ واقعہ ایک لطیفے کے طور پر سنایا تھا آج مجھے یہ واقعہ سابق وزیر اعظم کے سیاسی متبنیٰ ملک غلام مصطفیٰ کھر صاحب کے ایک حالیہ بیان پر یاد آیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ وہ برطانیہ میں مقیم سیاسی پناہ گزین پیپلز پارٹی کے لیڈروں کو پاکستان بھیج رہے ہیں تاکہ یہ لوگ وہاں جا کر گرفتاریاں پیش کریں خود اپنے بارے میں بھی کہا ہے کہ وہ بھی پاکستان جانے والے ہیں انہوں نے گرفتاریاں دینے کیلئے قربانی کے چند بکروں کا نام بھی لیا ہے اور اس پر افسوس ظاہر کیا ہے کہ پنجاب میں وہ بات نہیں جو دوسرے صوبوں میں ہے شیر پنجاب جب سے پنجاب کو چھوڑ کر گئے ہیں پنجابیوں کی جرأتیں اور حوصلے بھی ساتھ لے گئے ہیں۔ شیر ہی بھاگ گیا تو ہم وہ کہاں سے لائیں جو اس شیر کی وجہ سے ہمارے دلوں میں موجزن رہتا تھا

اپنے شیر کے بغیر تو ہم گیدڑوں کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور اپنے شیر کی واپسی کی راہ ہموار نہیں کر رہے۔

پاکستان میں ان دنوں گرفتاری دینے کیلئے کوئی لمبا چوڑا اہتمام نہیں کرنا پڑتا صرف گرفتاری دینے کیلئے آدمی تلاش کرنا پڑتا ہے خواہ وہ لندن سے آئے یا کسی وڈیرے کے ڈیرے سے عوام بھی گرفتاری دینے والے کی پذیرائی دل کھول کر کرتے ہیں کہیں اس کا جشن کوئی بینک لوٹ کر یا کسی قومی ملکیت کو آگ لگا کر مناتے ہیں یا تالیاں بجا کر گرفتاری کی داد دیتے ہیں لیکن جو لوگ ملک سے باہر جا بیٹھے ہیں اور رج کر کھا اور پی رہے ہیں یعنی سیاسی پناہ لے کر خوش و خرم ہیں اگر انہوں نے کھر صاحب کا حکم مان لیا تو گویا یورپ کے خالص دودھ مکھن کی پلی ہوئی توانا جانیں وہ یہاں پولیس کے حوالے کریں گے عوام کو مشکل وقت میں اور انہیں مارشل لاء کے حوالے کر کے ملک سے بھاگ جانے والے ان بچے کھچے مجاہدوں کے استقبال کیلئے ہم تیار ہیں اور اپنے شیر کی تو ہم مدتوں سے راہ دیکھ رہے ہیں مگر افسوس کہ اس شیر کی آمد آمد سے اردو کا دل تو نہیں پنجابی کا

دل ضرور کانپ رہا ہے پنجابیوں کو ان کا خواتین کی عزتیں لوٹنے والا زمانہ خوب یاد ہے

سیاست کی دنیا میں گرفتاری اور جلاوطنی بہت بڑا اعزاز ہیں لیکن یہ اعزاز سیاسی جدوجہد اور ریاضت کا ہی مرحلہ ہوا کرتا ہے یہ لوگ جو اب تک پاکستان میں ہیں یہیں کی روکھی سوکھی کھا کر اپنے وطن کا جھنڈا پال رہا ہے اچھے اور برے حالات میں یہیں سیاست کی ہے اور اسی ملک کی زمین کو اپنا بچھونا اور اسی ملک کے آسمان کو اپنی چھت بنایا ہے وہ گرفتاری دیں حکومت کی مخالفت یا مزاحمت کریں تو ان کا حق ہے اور ان کی سیاست کو یہ زیب دیتا ہے لیکن جو برا وقت دیکھ کر بلکہ برے وقت کی بو سونگھ کر ہی بھاگ گئے اور جنہوں نے اپنے صحیح مشاغل کی اس ملک میں کوئی گنجائش نہ پا کر ملک چھوڑ دیا ان کی آمد پر وہ اس شریف اور محب وطن قوم کو اپنے استقبال کیلئے تیار پائیں گے لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ اپنی پیپلز پارٹی کو اپنے پیچھے روتا دھوتا چھوڑ کر نہیں آئیں گے

تشدد ختم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

سندھ میں چند افراد غیر ملکی اشارے پر گڑبڑ پھیلا رہے ہیں صورتِ حال مکمل طور پر قابو میں ہے جنرل ضیا

۱۲ اگست کے اعلان پر ضرور عمل درآمد ہوگا

سیاسی جماعتوں کو انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دینے کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا

استنبول میں صدر پاکستان کی پرہجوم پریس کانفرنس

اندرون میں گرودوارے کو نذر آتش کرنے کی کوشش کے بعد کرفیو نافذ کر دیا گیا

دو گروپوں کے درمیان خونریز تصادم میں نوے افراد زخمی ہو گئے

زخمیوں میں پولیس کے پچپن ملازمین شامل ہیں

متعدد گاڑیوں کو نذر آتش کر دیا گیا

بھارتی مسلمانوں کی حالت بہت خراب ہے، مولانا مدنی



پاکستان جانے والے پیپلز پارٹی کے لیڈر سیفنوا ایرپورٹ پر مصطفےٰ کھر کے ساتھ کھڑے ہیں (جنگ فوٹو)

لیاقت آباد تھانہ کے گیٹ پر دھماکہ، ۳۲ افراد زخمی ہو گئے

زخمیوں میں اسسٹنٹ کا اور ۷ کانسٹیبل شامل ہیں، ۳ کی حالت نازک ہے

دھماکہ اس وقت ہوا جب پولیس وین گرفتار شدگان کو لیکر تھانے میں داخل ہو رہی تھی

فلنجی ملیشیا نے لبنانی فوجوں کے ساتھ مل کر دروزیوں کا قتل عام شروع کر دیا

شاوف کے پہاڑی علاقوں میں صدر جمیل کے ایما پر بمباری ہو رہی ہے، ولید جنبلاط کا الزام

بھٹو کی قبر پر مظاہرے کی کوشش ناکام ہو گئی

مختلف مقامات پر متعدد افراد نے گرفتاریاں پیش کیں

کنھ کوٹ میں ایم آر ڈی کا جلوس

مارشل لاء کے خلاف نعرے لگانے

پٹھانوں کو قید و جرمانے کی سزا

Live
sac
stru
elite

From our spec
in Karachi

More deaths h
ed from Pakista
the interior of Si
in protests agai
regime of Gen
civilians and p
been killed in t
On September
motorcade wa
stones as he arr
what was oster
listen to the g
people. Accor
reports, at leas
and scores of o
killed. Zia pred
harsher punishm
gators. The to
been surround
apprehend the

The pattern
too familiar; pe
out in the s
slogans against
indulging in b
the police. If tha
a violent react
railway station
ings are attack
setting them o
retaliate and a
violence sets in

Political agit
has always bee
convenient slo
lords and triba
currently instig
ign from thei
bungalows wa
from their drin
in the armed f
'Restoration
does not really
in the convent
word. What
the end of the
dictatorship
the dictatorsh
lords. In fact
would be quite
conjunction w
ry dictator wh
a little more s
mic and politic
military regim
tant to share p
its feudal lanc
politicians are
inducements
market but app
consider that

For Zia Is
not Islam in
but the perm
levers of pow
Thus, behind
ric, both side
naked strugg
which the poo
as cannon-fo

In Pakistan
thousands of

مسلم لیگ، جماعت اسلامی، جمعیت علمائے اسلام اور خاکسار تحریک میں اشتراک عمل پر اتفاق

اجلاس تین گھنٹے جاری رہا۔ مولانا عبیداللہ انور نے صدارت کی میاں طفیل محمد، ایس ایم ظفر، مولانا امداد اللہ اشرفی اور خان اشرف نے شرکت کی جمعیت اپنی مجلس شوریٰ سے اتحاد کی توثیق کرائیں گی

نیا اتحاد ستمبر کے پہلے ہفتے میں قائم ہو جائے گا

اتحاد میں شمولیت کے لئے دوسری جماعتوں سے بھی رابطہ قائم کرنے کا فیصلہ
ایم آر ڈی کی پرتشدد تحریک کی مذمت — مذکورہ جماعتوں کے مطالبے پر غور

پاکستان اور امریکہ کے درمیان

مواصلاتی سیارے کے ذریعے ٹیلیفون کا رابطہ

راولپنڈی — اسٹاف رپورٹر معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان مواصلاتی سیارے کے ذریعے براہ راست ٹیلیفون کا رابطہ اس سال کے آخر تک مکمل ہو جائے گا۔

بھارتی سائنسدانوں کے لیے خصوصی شہر بسانے کا منصوبہ

نئی دہلی (نمائندہ خصوصی) حکومت ہند بیرونی ممالک میں کام کرنے والے بھارتی سائنسدانوں کو اپنی جانب کھینچنے اور انہیں بھارت میں واپس لا بسانے کے لئے ایک ارب ۲۵ کروڑ روپے کی لاگت سے ایک ٹاؤن شپ قائم کر رہی ہے۔ نئی دہلی میں منعقدہ ایک سائنس کانفرنس میں اس بات کا اعلان کرتے ہوئے بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے کہا ...

پاکستان کے بارے میں اندرا گاندھی کے بیان پر

چرن سنگھ اور واجپائی کا اظہار افسوس

سندھ کے بڑے بڑے زمیندار موروثی سیاسی حیثیت کو بچانے کیلئے میدان میں آ گئے ہیں

ایک گروہ نوجوانوں سے کہہ رہا ہے پہلے تمہارا وزیر اعظم سندھی تھا اب سندھی کو ہٹا دیا گیا ہے



ایم آر ڈی نے صدر کے اعلان سے پہلے ہی تحریک چلانے کی ٹھان لی تھی

سکھوں کی تحریک ایک سال بعد فیصلہ کن دوراہے پر پہنچ گئی

سنت جرنیل سنگھ کی سربراہی میں ہونے والا اجلاس بے حد اہم ثابت ہو گا

پولیس نے ایم آر ڈی کے رہنماؤں کو ہجوم سے بچا لیا

اسلام آباد سے استنبول کے راستے نیویارک کے لیے پی آئی اے کی براہ راست پرواز

کراچی (نمائندہ جنگ) پی آئی اے نومبر سے استنبول کے راستے اسلام آباد تا نیویارک پروازوں کا آغاز کرے گی۔ قومی ایئر لائن کے ترجمان کے مطابق پی آئی اے کی ہفتہ وار براہ راست پرواز ہو گی جو اسلام آباد اور نیویارک کو ملائے گی — یہ پرواز ہفتے میں ایک بار چلا کرے گی ...

پاکستان میں ہر سال ۱۲ لاکھ بچے ناقص غذا کے باعث جاں بحق ہو جاتے ہیں

یونیسف کے ڈائریکٹر جنرل پاکستان کا دورہ مکمل کر کے جاپان روانہ ہو گئے

ممتاز عالم دین مفتی جعفر حسین انتقال کر گئے

گوجرانوالہ میں نماز جنازہ کے بعد کربلا گامے شاہ میں سپرد خاک کیا جائے گا

غوث بخش بزنجو کو گرفتار کر لیا گیا

سندھ میں گرفتاریاں پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے

سعودی عرب میں ایرانی حاجیوں کا مظاہرہ

عبادت اور سیاست کو آپس میں خلط ملط نہ کیا جائے

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سنو! اللہ کے دوستوں کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا۔ (القرآن)



اسلام کی نہیں، مسلمانوں کی شکست

یقیناً مغربی تہذیب کسی حیثیت سے بھی اسلام کے مقابلہ کی تہذیب نہیں۔ اگر تصادم اسلام سے ہو تو دنیا کی کوئی قوت اس کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتی۔ مگر اسلام ہے کہاں؟ مسلمانوں میں نہ اسلامی سیرت ہے، نہ اسلامی اخلاق، نہ اسلامی افکار ہیں نہ اسلامی جذبہ، نہ حقیقی اسلامی روح نہ ان کی مسجدیں ہیں نہ مدرسوں میں، نہ خانقاہوں میں، عملی زندگی سے اسلام کا ربط باقی نہیں رہا، اسلام کا قانون نہ ان کی شخصی زندگی میں نافذ ہے نہ اجتماعی زندگی میں تمدن و تہذیب کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جس کا نظم صحیح اسلامی طرز پر باقی ہو۔ ایسی حالت میں دراصل مقابلہ اسلام اور مغربی تہذیب کا نہیں ہے بلکہ مسلمانوں کی افسردہ، جامد اور پسماندہ تہذیب کا مقابلہ ایک ایسی تہذیب سے ہے جس میں زندگی ہے، حرکت ہے، روشنی علم ہے، گرمی عمل ہے، ایسے نامساوی مقابلہ کا جو نتیجہ ہو سکتا ہے وہی ظاہر ہو رہا ہے، مسلمان پسپا ہو رہے ہیں، ان کی تہذیب شکست کھا رہی ہے وہ آہستہ آہستہ مغربی تہذیب میں جذب ہوتے چلے جا رہے ہیں، ان کے دلوں اور دماغوں پر مغربیت مسلط ہو رہی ہے ان کے ذہن مغربی سانچوں میں ڈھل رہے ہیں ان کی فکر و نظر قوتیں مغربی اصولوں کے مطابق تربیت پا رہی ہیں، ان کے تصورات، ان کے اخلاق، ان کی معیشت، ان کی معاشرت، ان کی سیاست ہر چیز مغربی رنگ میں رنگی جا رہی ہے۔ ان کی نئی نسلیں اس تخیل کے ساتھ اٹھ رہی ہیں کہ زندگی کا حقیقی قانون وہی ہے جو مغرب سے ان کو مل رہا ہے، یہ شکست دراصل مسلمانوں کی شکست ہے، مگر بدقسمتی سے اس کو اسلام کی شکست سمجھا جا رہا ہے۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی
(تنقیحات)

القرآن

اور جہاں بھی تم ہو اسی کی طرف منہ کرکے نماز پڑھو تاکہ لوگوں کو تمہارے خلاف کوئی حجت نہ ملے۔ ہاں جو ظالم ہیں ان کی زبان کسی حال میں بند نہ ہوگی۔ تو ان سے تم نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو اور اس لیے کہ میں تم پر اپنی نعمت پوری کر دوں اور اس توقع پر کہ میرے اس حکم کی پیروی سے تم اسی طرح فلاح کا راستہ پاؤ گے جس طرح میں نے تمہارے درمیان خود تم میں سے ایک رسول بھیجا۔ (البقرہ۔ ۱۵۰)

السنۃ — قربانی کی اہمیت

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو وسعت ہو اور قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے نزدیک نہ آئے۔

(احمد و ابن ماجہ)

"ہاں"

"مگر ڈیڈی! حضرت ابراہیمؑ جیسے کیوں نہیں ہیں؟"

"حضرت ابراہیمؑ اللہ کے برگزیدہ نبی تھے۔ وہ اللہ سے محبت کرتے تھے اور اللہ ان سے۔"

"تو کیا ڈیڈی کو اللہ سے محبت نہیں ہے؟"

بیٹے نہیں حسن! عرفی، تم یہ سوال صبح ڈیڈی سے کر لینا مگر ذرا کے واسطے اس وقت سو جاؤ" امی پریشان ہو گئی۔

"عرفی بیٹے!" دوسرے کمرے سے ڈیڈی کی آواز آئی۔

"لیں ڈیڈی"

"بیٹے! تم ابھی تک سوئے نہیں؟"

"مجھے نیند نہیں آ رہی" عرفی نے جواب دیا۔ "ڈیڈی آپ کے پاس آ جاؤں" اس نے تھوڑی دیر بعد پوچھا۔

"نہیں، نہیں تم وہیں سوئے رہو۔ یہاں آ کر تم سوالات کر کے ہماری نیند حرام کر دو گے" ڈیڈی نے احتیاطی تدبیر اختیار کی۔

"لیکن مجھے نیند نہیں آ رہی ہے"

"اچھا تو آ جاؤ" انہوں نے تنگ آ کر بلایا۔ بچہ چھلانگ لگاتا ہوا ڈیڈی کے کمرے میں چلا گیا۔ "ڈیڈی ایک سوال پوچھوں؟"

"بچوں کے سوالات پر یوں ابھی مجبور نہیں ہیں" نفسیات کی روشنی میں تبصرہ کیا۔

"اچھا کرو" ڈیڈی نے اجازت دے دی۔

"ڈیڈی! کیا آپ کا بیٹا ہوں؟"


"ہاں، اس میں کیا شبہ ہے!"

"اچھا اگر آپ خواب میں دیکھیں کہ اللہ میاں آپ کو حکم دے رہے ہیں کہ عرفی کو میری راہ میں قربان کر دو تو کیا آپ مجھے کر دیں گے؟"

"یہ کیا احمقانہ سوال ہے عرفی" ڈیڈی سخت پریشان ہو گئے۔

یہ عرفی کو اس قسم کی باتیں سمجھانا کس نے سکھا دیا ... سوال کر بیٹھیں سا انہیں بھی یہ سوال عجیب و غریب محسوس ہوا تھا۔

"مگر ڈیڈی! حضرت ابراہیمؑ نے تو ......"



کے دن ......"

"عرفی اب تم سو جاؤ۔ صبح جلدی اٹھنا ہے" انہوں نے اسے ٹالنا چاہا۔ ... ڈیڈی سخت مزاج تھے۔ ... عرفی نے پھر سوال کیا۔ آپ نے نہایت طلاقت سے عرفی کو بتایا کہ اللہ کے پیارے نبی حضرت ابراہیمؑ نے ایک خواب دیکھا تھا۔

"اچھا ابا۔ یہ بتائیں اگر ڈیڈی کو ایسا ہی خواب نظر آئے تو ......" عرفی نے پورا واقعہ سننے کے بعد ایک تیز سوال کیا۔ "کیا وہ مجھے اللہ کے حکم پر قربان کر دیں گے؟"

ابا گھبرا گئے۔ ... اس قسم کی باتیں ... ڈیڈی ... مجھے ڈانٹ پڑ جائے گی۔

"اچھا حضرت ابراہیمؑ کا واقعہ بالکل سچا ہے نا" بچے نے پوچھا۔

"ہاں ہاں بالکل سچا"

آپا نے فرمایا۔

"حضرت ابراہیمؑ بھی انسان تھے نا؟" اس نے پھر سوال کیا۔

"ہاں"

"اچھا اور ڈیڈی بھی انسان ہیں؟"

عیدِ بیچارگاں

آج یوم عید الاضحیٰ ہے۔ قربانی اور ایثار کی اس سنت ابراہیمی کی یاد پر مبنی تہوار جو تاریخ تمدن کے آغاز سے اولادِ ابراہیمؑ مناتی چلی آ رہی ہے اور جسے اسلام نے مسلمانوں کے سنجیدہ اور محترم تہوار کی شکل دی ہے۔ اس تہوار کا ایک مقصد امت مسلمہ کے جذبات کی یہ تہذیب بھی ہے کہ مومن مسلمان جب متاع دنیا میں گم ہو کر ضائع نہ ہو جائے اور اسے اپنے رب، اپنے دین اور ملت کے وجود اور اجتماعی مفاد کے لیے اپنے تمام مفادات کو وقت ضرورت قربان کر ڈالنے کا تقاضہ یاد رہے۔

ایک عید الاضحیٰ وہ تھی جو فتح مکہ کے بعد چند سو مسلمانوں نے حج کی ادائیگی کے بعد پہلی عید آزادان و فاتحان کے طور پر منائی تھی۔ اس وقت پوری امت مسلمہ کا کل وجود محض چند ہزار مسلمانوں پر مشتمل تھا۔ اور ایک عید الاضحیٰ وہ ہے جو آج منائی جا رہی ہے کہ جب امت مسلمہ کا وجود ایک ارب مسلمانوں سے متجاوز ہے۔ آج کی عید کو عید آزادان کہہ لیجیے کہ دنیا کے اسلام کا بڑا حصہ خود مختار مسلم حکومتوں اور ملکوں پر مشتمل ہے۔ اور وہ اصولاً محکوم نہیں ہے۔ مگر کیا آج کی عید کو ہم ایک فاتح اور سرخرو امت کی عید بھی کہہ سکتے ہیں؟ اس سوال کا جواب اثبات میں دینا مشکل ہے۔ خصوصاً لبنان میں حالیہ محاذ آرائی ——— اس پر عرب اور مسلم ممالک کے مایوس کن اور سنگین بے حسی پر مبنی ردعمل کے پیش نظر اس تہوار کے موقع پر مسلمانوں میں بحیثیت امت سرخروئی کا تاثر ناپید ہے۔ افغانستان میں نہتے افغان مسلمان اپنے وقت کے دو بڑے طاغوت اور امریکہ کی ہم مزاج ابلیسی قوت سے نبرد آزما ہیں۔ دنیا کی ... گھر بار سے دور ... ہونے والوں کے بتلا پر تو ہمدردی کا اظہار بھی فراخدلی سے ہو رہا ہے اور کچھ امدادی سرگرمی بھی دکھائی دیتی ہے۔ مگر عزم و آس کا سلسلہ نامساعد حالات میں بھی نہ توڑنے والے افغانوں سے جہاد میں ان کی عملی مدد اور جنگی اعانت کا میدان امت مسلمہ کی شرمناک لاتعلقی کا منظر ہے اور یوں ذلت اور شکست کا احساس امت مسلمہ کے اجتماعی ضمیر کو اذیت ناک کچوکے دے رہا ہے۔ انفعال، اضمحلال اور زوال کے اس پیش منظر میں کون کہہ سکتا ہے کہ آج ہم جو عید منا رہے ہیں۔ وہ فاتح اور سرخرو امت مسلمہ کی عید ہے۔

کاش آج کے دن ہم ماضی و حال کے موازنے کے ساتھ اس سوال کے جواب کی تلاش میں تدبر و فکر کر سکیں کہ فتح مکہ کے بعد محض چند ہزار افراد کی امت ہوتے ہوئے ہم فتحمندی کے احساس سے کیوں سرشار تھے اور آج ایک ارب کی افرادی قوت والی امت ہوتے ہوئے بھی ہم ہزیمت و ماندگی کے احساس کے سبب کیوں منفعل اور خوار ہیں؟ اے اہل وطن! اے ابنائے امت! کبھی تو اس سوال پر غور و فکر کی فرصت پیدا کیجیے۔ کبھی تو اپنے حال میں اپنے ماضی کو جگا کر اپنے مستقبل کو محفوظ اور روشن بنانے کے تقاضوں پر توجہ دیجیے۔



خوف سے سہمے ہوئے دن پھیلا سے معصوم افغان بچوں کو کمسنی میں ماں باپ کے سایۂ شفقت اور عید کی خوشیوں سے محروم کیا گیا۔

بکرے — گلشن صدیقی

یہاں جو بس رہے ہیں نسلِ انسانی کے بکرے ہیں
چھری کی دھار پر رہتے ہیں وہ یعنی کہ بکرے ہیں
بظاہر تو عوام ان کو کہا جاتا ہے "انسان"
حقیقت پوچھیے تو صرف قربانی کے بکرے ہیں

آج کے دن
اللہ کو قربانی
سے بڑھ کر کوئی
عمل محبوب نہیں

ممتاز ادیب، شاعر اور دانشور سلیم احمد انتقال کر گئے

سوتے میں حرکت قلب بند ہو گئی، پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، جنازہ میں شہر کی ممتاز شخصیات نے شرکت کی

یہ نقصان ناقابل تلافی ہے، اردو ادب ایک عظیم ادیب سے محروم ہو گیا

گورنر عباسی، وزیر اعظم، مختلف وزراء، راجہ ظفر الحق اور ادبی و سماجی حلقوں کا خراج عقیدت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک کے ممتاز ادیب، ڈرامہ نویس، کالم نویس، شاعر اور نقاد جناب سلیم احمد آج صبح یہاں اپنی رہائش گاہ پر حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ ان کی عمر ۵۸ سال تھی۔ رات کو سوئے تھے مگر صبح ان کی آنکھ نہ کھلی، گھر والوں نے انہیں خلاف معمول دیر تک سوتا دیکھ کر جگانے کی کوشش کی تو معلوم ہوا کہ روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق ان کا انتقال صبح ساڑھے چار بجے ہوا۔ ان کی نماز جنازہ بعد نماز عصر مسجد فردوس، انچولی سوسائٹی میں ہوئی جس میں تحریک اسلامی کے رہنما محمود اعظم فاروقی، مدیر جسارت محمد صلاح الدین، اور جامعہ کراچی کے نئے وائس چانسلر ڈاکٹر جمیل جالبی سمیت ممتاز ادبی، سماجی اور علمی شخصیات نے شرکت کی۔ انہیں پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ سلیم احمد مرحوم ۲۷ دسمبر ۱۹۲۷ء کو یکسول ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے، قیام پاکستان کے بعد ۱۹۵۰ء میں کراچی آ گئے۔ وہ ۱۹۵۱ء سے ریڈیو پاکستان سے وابستہ تھے۔ سابق وزیر اطلاعات و نشریات محمود اعظم فاروقی نے دور میں وزارت اطلاعات و نشریات کے مشیر بھی رہے۔ ٹیلیویژن اور ریڈیو پر ان کے بعض ڈرامے بہت مقبول ہوئے، ٹیلیویژن پر تحریک پاکستان پر ڈرامہ سیریل "تعبیر" اور "نسیم حجازی" کے ناولوں "آخری چٹان" اور "شاہین" کی ڈرامائی تشکیل نے کافی مقبولیت حاصل کی۔ ریڈیو پر ڈرامہ "جانی" کی موت کافی مقبول ہوا۔ ان کی پہلی کتاب ادبی اقدار تھی، جبکہ مجموعہ کلام "بیاض" اور "اکائی" کافی مقبول ہوئے۔ دیگر کتابوں میں "نئی نظم اور پورا آدمی"، "حسن عسکری، آدمی یا انسان"، "ادھوری جدیدیت"، "غالب کون؟"، "اقبال ایک شاعر"، "اسلامی نظام، مسائل و تجزیہ" شامل ہیں۔ جب کہ زیر طبع کتابوں میں مجموعہ کلام "مشرق"، "چراغ نیم شب" اور "رسیدن" کتاب "بائے جدیدیت اور نئی شاعری نامقبول شاعری" شامل ہیں۔ انہوں نے پسماندگان میں ایک بیوہ، دو صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں چھوڑی ہیں۔ ممتاز شخصیات نے مرحوم کی وفات پر پسماندگان سے تعزیت کی جن میں میئر کراچی جناب

عبدالستار افغانی، کے پی ڈی کے چیئرمین بریگیڈیئر ابراہیم، کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل سعید الظفر، سابق صدر پیپلز اسٹوڈنٹ وقار احمد، دوست محمد فیضی، تحریک اسلامی کے رہنما محمود اعظم فاروقی، ادارہ معارف اسلامی کے ڈائریکٹر سید منور حسن، مدیر جسارت محمد صلاح الدین، جماعت اسلامی کے رہنما نعمت اللہ خان، کراچی ڈیولپمنٹ کے جنرل منیجر سیدالطاف حسین، جامعہ کراچی کے نئے وائس چانسلر ڈاکٹر جمیل جالبی، جامعہ کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر ابوالخیر کشفی، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، ڈاکٹر اسلم فرخی، ادیب و صحافی جمیل اختر خان، ریڈیو پاکستان کے ڈپٹی ڈائریکٹر ایم پی انصاری، ممتاز ادیب مشفق خواجہ، ممتاز شعراء تابش دہلوی، اقبال صفی پوری، محشر بدایونی، رضی اختر شوق، جون ایلیا، عبیداللہ علیم، نصیر ترابی، حسن اکبر کمال، جمال پانی پتی، محبوب خزاں، اسد محمد خان، ریڈیو پروڈیوسر محسن علی، اقبال حیدر، شعیب منصور، حیدر امام رضوی، ایم پی اے کونسلر مظفر ہاشمی، اسد دارا، یار ایم پی اے کونسلر، صحافی حضرات، ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر راجہ رحمت خان، ٹی وی و ریڈیو فنکاروں، انور مقصود، محمد یوسف ظہور احمد اور منی باجی شامل ہیں۔ سلیم احمد کی ناگہانی وفات پر ملک بھر کے ادبی و سماجی حلقوں میں رنج و غم کی لہر دوڑ گئی۔ گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل جہانداد خان، وزیر اعلیٰ سندھ سید غوث علی شاہ، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات راجہ ظفر الحق، اکادمی ادبیات کے چیئرمین شفیق الرحمٰن، دیگر متعدد اداروں اور ملک بھر کی ممتاز شخصیات نے مرحوم کی بیوہ کے نام تعزیتی پیغامات بھیجے ہیں۔

صوبائی گورنر لیفٹیننٹ جنرل جہانداد خان نے ممتاز دانشور، نقاد اور شاعر اور ادیب جناب سلیم احمد کے انتقال پر مرحوم کی بیوہ کے نام ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ سندھ کے وزیر اعلیٰ سید غوث علی شاہ نے سلیم احمد کے اچانک انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلیم احمد کے انتقال سے اردو ادب ایک عظیم ادیب سے محروم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات راجہ ظفر الحق نے سلیم احمد مرحوم کی بیوہ کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں کہا ہے کہ مرحوم گزشتہ ۳۴ سال سے ملک کے ادبی حلقوں میں نمایاں اور قابل احترام مقام حاصل تھا۔ وہ ریڈیو پاکستان سے منسلک تھے اور انہوں نے ریڈیو، اردو اور ٹی وی کے لئے کئی مقبول ڈرامے تحریر کئے۔ ان کی کتابیں مثلاً "اکائی"، "بیاض"، "نئی اردو نظم اور پورا آدمی" اور "ادھوری جدیدیت" کافی مقبول ہیں۔ ایک اور تعزیتی پیغام میں راجہ ظفر الحق نے مزید کہا کہ ادب سے ان کی سنجیدہ تحریروں سے ملک میں اسلامی تعلیمات کو فروغ حاصل ہوا۔ پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن اور پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کے چیئرمین نے اپنے تعزیتی پیغام میں مرحوم کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ایک ممتاز ادیب اور نقاد تھے۔ اکادمی ادبیات پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر شفیق الرحمٰن نے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک ممتاز ڈرامہ نگار، شاعر اور نقاد سے محروم ہو گیا۔ اکادمی ادبیات کے چیئرمین شفیق الرحمٰن اور ڈائریکٹر جنرل صبیح الدین صدیقی نے اپنے تعزیتی بیان میں سلیم احمد کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے مرحوم کی ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں نسل نو کے لئے مفید قرار دیا اور کہا کہ مرحوم اپنی ذات میں ادارہ تھے۔

وزیر بلدیات میر گل محمد جوکھیو نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ مرحوم نہ صرف بہترین دوست تھے بلکہ صحافیوں اور ادبی حلقوں میں کافی مقبول تھے۔ ان کی وفات قوم کے لئے بڑا نقصان ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم جسٹس سید غوث علی شاہ نے اپنے تعزیتی پیغام میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ دریں اثناء اسلام آباد میں حلقہ ارباب ذوق کا تعزیتی اجلاس ہوا جس میں مرحوم کی ناگہانی وفات پر اظہار غم کرتے ہوئے ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔




سلیم احمد کا آخری دیدار

فیض احمد فیض، شہرت بخاری، افتخار عارف اور احمد فراز کا اظہار غم

اردو زبان کے ممتاز شاعر سلیم احمد کی رحلت پر لندن میں موجود ممتاز ادبی شخصیتوں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور ان کی ادبی خدمات کے اعتراف کے طور پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ عصر حاضر کے ممتاز اردو شاعر فیض احمد فیض نے جو ان دنوں علاج کے لئے یہاں ہسپتال میں داخل ہیں، کہا ہے کہ سلیم احمد کی اچانک رحلت اردو ادب کے تمام قارئین کے لئے یقیناً رنج و اندوہ کا باعث ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف صاحب نظر ادیبوں کا تمام نقطہ ہائے نظر میں باہم متفق ہونا لازم نہیں ہے۔ اور اس اعتبار سے دوسرے مکتب فکر کے پیروں سے سلیم احمد سے بھی اختلاف رکھتے تھے لیکن اس کے باوجود سلیم احمد کی ذہنی اور قلمی جرأت، ندرت اور قدرت اظہار سے بلاشبہ پڑھنے والے متفق ہوں گے۔ اردو کے ایک اور ممتاز شاعر جناب شہرت بخاری نے کہا کہ سلیم احمد کے انتقال کی خبر سے مجھے شدید رنج ہوا ہے۔ پاکستان کے ممتاز شاعر اور اردو مرکز لندن کے معتمد اعزازی افتخار عارف نے کہا کہ سلیم احمد ہمارے زمانے کی ان گنی چنی شخصیتوں میں سے تھے جنہوں نے اپنی صلاحیتیں ادب اور اپنے افکار کی ترویج و اشاعت کے لئے وقف کر رکھی تھیں۔ ان کی حیثیت ایسے سائبان کی تھی جس کی ٹھنڈی چھاؤں تلے نئے لکھنے والے جمع ہوتے تھے، ان کا تعلق کسی بھی مکتبہ فکر سے ہو حوصلہ و داد پاتے تھے۔ ایک اور ممتاز شاعر جناب احمد فراز نے اپنے پیغام میں کہا کہ سلیم احمد کے انتقال سے مجھے بے حد دکھ ہوا ہے۔ ان کے نظریات سے اختلاف کے باوجود ان کی سلجھی اور نکھری ہوئی شخصیت کے سبب ان سے قلبی رشتہ تھا اور یہی ان کی عظمت کی نشانی ہے۔

ڈاکٹر جمیل جالبی کو جامعہ کراچی کا وائس چانسلر مقرر کر دیا گیا

کراچی۔ (نمائندہ) گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی نے جامعہ کراچی کے چانسلر کی حیثیت سے ممتاز محقق ڈاکٹر محمد جمیل خان کو جو جمیل جالبی کے نام سے مشہور ہیں جامعہ کراچی کا وائس چانسلر مقرر کیا ہے۔ وہ ڈاکٹر محمود حسین کی جگہ جامعہ کے وائس چانسلر مقرر کئے گئے ہیں جن کی مدت ملازمت ختم ہو گئی ہے۔ ڈاکٹر جمیل جالبی ملک کے مشہور مصنف، دانشور، ادیب، نقاد اور محقق سمجھے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی جون ۱۹۲۹ء میں علی گڑھ میں پیدا ہوئے، انہوں نے ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی اور ڈی لٹ کی ڈگریاں حاصل کی ہیں۔ پاکستان کے صاحب طرز نقاد اور محقق ہیں جنہیں چار مرتبہ داؤد ادبی انعام کا مستحق قرار دیا گیا۔ ان کی مایہ ناز تصنیف کو بالترتیب



۱۹۶۵ء، ۱۹۶۳ء، ۱۹۷۵ء اور ۱۹۸۳ء میں داؤد ادبی انعام ملا۔ انہوں نے مختلف موضوعات پر ۱۵ کتابیں لکھیں، جن میں اردو ادب کی تاریخ کی دو جلدیں بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی بہادر یار جنگ اسکول میں استاد بھی رہ چکے ہیں۔ انہوں نے شعوری کوشش کی کہ [illegible] کو ایسا نہیں جاسکتا تھا [illegible] جدید اردو کے قالب میں ڈھالا۔ [illegible] ڈاکٹر جالبی نے پاکستانی کلچر کے نام سے ایک کتاب تحریر کی جس پر انہیں انعام بھی ملا۔ وہ نیا دور کے ایڈیٹر بھی رہ چکے ہیں۔ ڈاکٹر جالبی کو متعدد ادبی انعامات مل چکے ہیں۔ وہ سندھ، مقتدرہ اور پنجاب یونیورسٹی میں تحقیقی کاموں کی نگرانی کرتے رہے ہیں۔ وہ کراچی یونیورسٹی کے بورڈ آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز کے ممبر ہیں۔ [illegible] کے صدر محمد احمد اختر اور سیکرٹری سید جمال الدین نے ڈاکٹر جمیل جالبی کے وائس چانسلر کی حیثیت سے تقرر کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں [illegible] ایسوسی ایشن کی طرف سے مبارکباد دی ہے۔

رفتید، ولے نہ از دل ما



سلیم احمد

ملک کے ممتاز شاعر و ادیب، مفکر و دانشور، صحافی اور ڈرامہ نگار سلیم احمد کُل نفس ذائقۃ الموت کی شہادت دیتے ہوئے اچانک اس دار فانی سے دار البقاء کی جانب روانہ ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

سلیم احمد ہماری ادبی دنیا کی بہت بلند قامت شخصیت تھے۔ وہ ادب میں حسن عسکری مرحوم کے دبستان فکر کے شارح و ترجمان اور اس کے نہایت پرجوش مبلغ تھے۔ اشتراکیت، مادہ پرستی اور مغربی تہذیب کے خلاف ان کے قلم نے جس استقلال و عزیمت کے ساتھ جہاد کیا، اس کی نظیر ہماری ادبی دنیا میں مشکل ہی سے ملے گی۔ وہ اسلام اور پاکستان سے والہانہ عقیدت و وابستگی رکھتے تھے اور ان دونوں کی عظمت و سربلندی کے لئے انہوں نے شب و روز کام کیا۔

سلیم احمد نے بہت بھرپور اور متنوع ادبی زندگی بسر کی، انہوں نے ادب، صحافت، سیاست، معیشت، معاشرت، تعلیم، تحریک پاکستان اور دوسرے متعدد موضوعات پر بڑی فکر انگیز تحریریں پیش کیں۔ وہ مسائل کے تجزیہ کا ایک منفرد اسلوب رکھتے تھے۔ ان کا گھر کراچی کا ایک معروف دبستان ادب تھا، جہاں مختلف نقطہ ہائے نظر کے لوگ ادب اور قومی زندگی کے مسائل پر تبادلہ خیال کے لئے جمع ہوتے اور رات گئے تک ایک ایسی محفل جمی رہتی جس کی اس شہر میں کوئی دوسری نظیر نہیں ملتی۔ سلیم احمد کی سب سے بڑی خوبی جس نے انہیں ہر حلقے میں مقبول و محبوب بنایا، یہ تھی کہ وہ اختلاف رائے اور عناد میں فرق ملحوظ رکھتے تھے۔ وہ سب کے مخلص دوست اور بہی خواہ تھے۔ جن پر شدید تنقید کرتے، ذاتی تعلقات میں انہیں بھی حلقہ احباب میں شامل رکھتے۔

اللہ تعالیٰ سلیم احمد کو ان کی نیکیوں کا بہترین اجر عطا کرے اور ان کی مغفرت فرمائے۔

ادب و ثقافت

خامہ بگوش کے قلم سے

ڈاکٹر جمیل جالبی کی فتوحات کا دائرہ بہت وسیع ہے تحقیق و تنقید ان کے مقبوضات میں شامل ہیں۔ ان کی تنقید سے زندہ ادیب حیات نو پاتے ہیں اور تحقیق سے مردے زندہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے اردو ادب کی جو تاریخ لکھی ہے وہ بجائے خود ایک تاریخی کارنامہ ہے۔ ... جالبی صاحب کی تاریخ ادب کی پہلی جلد شائع ہو چکی ہے، دوسری شائع ہونے والی ہے۔ باقی جلدوں پر کام ہو رہا ہے۔ ...

ڈاکٹر جمیل جالبی سے ہمیں امید ہے کہ وہ ... یہ کام آسان بھی ہے اور دلچسپ بھی۔

▲ ڈاکٹر جمیل جالبی نے افسانہ نگاری شروع کر دی

▲ تنقید یا دہشت گردی

▲ فیض احمد فیض اور فیض بخشاپوری

کلام موزوں

ایرانی قونصلیٹ کے زیر اہتمام القدس کے سلسلے میں محفل مشاعرہ

عید آئی تو ہے کہیں نہ کہیں

آہ کرنا دل حزیں نہ کہیں
عید آئی تو ہے کہیں نہ کہیں

اشک تو ہیں میرے نہ پوچھ اذیت!
خوں سے بھر جائے آستیں نہ کہیں

جو ملیں عیش اور نوحۂ عید
تنگ آ جائیں ہم نشیں نہ کہیں

عید پہ کبھی جو مسکرا نہ سکے
وہ الم کوش ہوں ہمیں نہ کہیں

سوچ اے طالبِ شرابِ نشاط!
زہر بن جائے انگبیں نہ کہیں

غم زدوں کو نہ دو مبارک باد
طنز ٹھہرے یہ آفریں نہ کہیں

گو شگفتہ ہے غنچۂ خاطر
نوکِ صد خار ہو قریں نہ کہیں

مسکراؤ نہ یوں گلے لگ کر
کوئی رو دے یہیں نہ کہیں

کب تک آخر یہ شرحِ درد رئیس
عید آئی تو ہے کہیں نہ کہیں

رئیس امروہوی

سلسلۂ ھدایت



شیراز احمد ولد مودود شیخ — فراز احمد ولد اسماعیل میمن

اسکاربرو کے فراز احمد اور شیراز احمد نے صرف سات سال کی عمر میں اپنے استاد جناب قاضی این بگش سے اپنے گھروں پر قرآن پاک کی تعلیم حاصل کی اور خداداد ذہانت، ذاتی شوق اور اپنے استاد و والدین کی خصوصی توجہ سے بہت کم عرصہ میں قرآن پاک کا پہلا دور مکمل کر کے اب دوسرے دور میں ھیں ۔

Emily Carr Public School مین بھی قرآن پاک اور اردو کی کلاسین شروع ھو چکی ھین ۔ مزید معلومات کے لئے جناب قاضی این بگش سے 282-6803 پر رابطہ قائم کیجئے ۔

آسٹریلیا نے فائنل میں پاکستان کو ایک گول سے ھرا دیا

پاکستان کے ماہرانہ اور خوبصورت کھیل پر آسٹریلیا کی آل راؤنڈر قوت سبقت لے گئی

کوالالمپور ــ (رائٹر) پاکستان کے ماہرانہ اور خوبصورت کھیل کے باوجود آسٹریلیا نے اپنے وسیع تجربے اور آل راؤنڈر قوت کے بل بوتے پر ایشیا کپ چیمپئن کو صفر کے مقابلے میں ایک گول سے ہرا دیا ۔ ۱۸ ویں منٹ میں یہ فیصلہ کن گول [illegible] ٹیری والش نے بنایا قبل ازیں [illegible] میچ میں آسٹریلیا نے پاکستان کو [illegible] کے مقابلہ میں چار گول سے ہرایا ۔ پانچ اقوام کے بین الاقوامی فائنل میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے آسٹریلیا کو شروع سے سخت محنت کرنی پڑی ۔ پاکستان کے ماہر فارورڈوں نے [illegible] کلیم اللہ نے کپتان حنیف خان کی قیادت میں آسٹریلیا کو سخت مشکل سے دوچار رکھا اور بار بار گول پر بھرپور حملے کئے ۔ پاکستان کے دفاعی کھلاڑیوں نے بھی عمدہ کھیل پیش کیا اور آسٹریلیا کو [illegible] گول [illegible] دیا ۔ کھیل شروع ہوتے ہی ابتدائی چند منٹوں میں پاکستانی کھلاڑی کھیل پر پوری طرح چھائے رہے اور آسٹریلوی گول پر [illegible] حملے کرتے رہے [illegible] اس کے بعد کھیل ختم ہونے سے [illegible] منٹ قبل پاکستان گول برابر کرنے کے [illegible] کلیم اللہ نے گیند گول میں پھینکی اور گول کیپر اتفاق سے گیند کو روکنے میں کامیاب رہا ۔ فائنل میں آسٹریلیا کی کامیابی کے بعد ٹیموں کی پوزیشن یہ ہے (۱) آسٹریلیا (۲) پاکستان (۳) بھارت (۴) ملائیشیا اور (۵) نیوزی لینڈ

اندرون سندھ تحریک ملکی سالمیت کے خلاف نہیں ۔ اسد اللہ بھٹو

یہ احساس محرومی، جمہوریت کے فقدان، بدامنی اور انتظامی نااہلی کے خلاف ردعمل ہے

سکھر ــ [illegible] سندھ کے ممتاز ادیب اور دانشور پروفیسر اسد اللہ بھٹو نے سندھ کی موجودہ صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اندرون سندھ عوام کی موجودہ تحریک ملکی سالمیت کے خلاف نہیں بلکہ یہ احساس محرومی، [illegible] عدم تحفظ، جمہوریت کے فقدان اور انتظامی نااہلی کے خلاف بے ساختہ ردعمل ہے [illegible] اس تحریک کو ملکی سالمیت کے خلاف تحریک قرار دینا صحیح نہیں ہے [illegible]

[illegible]

لاہور میں اندرا کا پتلا جلایا گیا

لاہور ــ [illegible]

[illegible] مسجد شہید اور پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرنے پر بھارتی وزیراعظم کے بیان کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا اور ان کا پتلا جلایا [illegible]

ایم آر ڈی کے کارکنوں کے جلوس کے خلاف [illegible]

[illegible] ایم آر ڈی کے کارکنوں نے جلوس نکالا [illegible] شہر میں [illegible] لوگوں نے [illegible]

[illegible]

گھارو ریسٹ ھاؤس میں

جتوئی اور ممتاز بھٹو کا نظر بندی کا عرصہ

نظر بندوں کو تمام سہولتیں حاصل ہیں

ٹھٹھہ (نامہ نگار) میونسپل چیئرمین [illegible] نے گزشتہ روز گھارو ریسٹ ہاؤس میں کالعدم پاکستان پیپلز پارٹی کے دو نظر بند رہنماؤں مسٹر غلام مصطفیٰ جتوئی اور مسٹر ممتاز علی بھٹو کا اچانک معائنہ کیا ۔ یہ معائنہ ایک گھنٹہ تک جاری رہا ۔ کراچی سے ۴۸ میل دور واقع یہ ریسٹ ہاؤس ان دنوں سیاسی محبوسین کے لئے توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے جہاں ایم آر ڈی کے تین اور رہنما خواجہ خیرالدین، معراج محمد خان اور مخدوم خلیق الزماں بھی نظر بند ہیں ۔ تمام رہنماؤں کو ریسٹ ہاؤس کی حدود میں نقل و حرکت کی آزادی ہے ۔ [illegible]

[illegible]

زخمی کانسٹیبلوں کو ترقی دے دی گئی

کراچی ــ [illegible]

[illegible]

صوبہ سرحد میں بلدیاتی انتخابات مکمل ہوگئے

۵۳۸۴ نشستوں کے لیے ۵۰ لاکھ سے زائد رائے دہندگان نے ووٹ دیئے

پشاور [illegible] صوبہ سرحد میں بلدیاتی اداروں کے انتخابات کے تحت [illegible] لاکھ سے زائد رائے دہندگان نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا ۔ پولنگ ۸ بجے صبح سے کسی وقفہ کے بغیر شام [illegible] جاری رہی ۔ کسی جگہ سے کسی ناخوشگوار واقعہ کی اطلاع نہیں ملی ۔ [illegible]

[illegible]

بینظیر بھٹو کی کتاب بھارت میں شائع ہو رہی ہے

کراچی ــ [illegible] بینظیر بھٹو [illegible] کتاب بھارت میں شائع کی جا رہی ہے ۔ اس کتاب کا مسودہ مکمل کر کے بھارت پہنچا دیا گیا ہے [illegible] "پاکستان ابھرتا ہوا طوفان" رکھا گیا ہے [illegible]

[illegible]

آسام میں مسلمانوں کے خلاف تحریک دوبارہ شروع

سرکاری افسروں کی آمد و رفت روکنے کیلئے رکاوٹیں کھڑی کردی گئیں

گوہاٹی میں بلیک آؤٹ، پولیس کا گشت، تخریب کاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی، وزیر اعلیٰ

نئی دہلی (ریڈیو رپورٹ) بھارت کے شمال مشرقی صوبے آسام میں غیر ملکی مسلمانوں کے خلاف ایک بار پھر زور پکڑ رہی ہے اور اس بات کا شدید خطرہ ہے کہ ... کارروائیوں اور فسادات کا سلسلہ شروع ہو جائے ... احتجاجی مہم کے رہنماؤں نے اعلان کیا ہے کہ وہ ... نکالنے کی کوششیں پھر شروع کر رہے ہیں اس سلسلے میں سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کرنے کا آغاز کر دیا گیا ہے تاکہ سرکاری افسران سفر نہ کر سکیں ...


طلبا نے گوہاٹی میں ایک گھنٹے تک بلیک آؤٹ کیا ... وزیر اعلیٰ ... نے کہا ہے کہ تخریب کاروں کے خلاف سخت اقدامات کئے جائیں گے دارالحکومت گوہاٹی میں پولیس گشت کر رہی ہے ... انتظامات سخت کر دیئے گئے ہیں ... یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ تقریباً چار ماہ تک مسلمانوں کے خلاف شدید کارروائی کے دوران آسام میں ۳ ہزار مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا تھا۔

قائدین کی گرفتاری کی وجہ سے تشدد شروع ہوا ہے ولی خان

جب اوپر سے کوئی روکنے والا نہ ہو تو ایسا ہی ہوتا ہے

لندن (ریڈیو رپورٹ) ... عبدالولی خان ... ایم آر ڈی کا سول نافرمانی کا پرامن تحریک ... سندھ میں زیادہ ردعمل ... ٹوٹ پھوڑ اور تشدد ... بلوچستان، پنجاب اور سرحد ... حکمرانوں کی پالیسیوں نے صورتحال اس حد تک خراب ... اس تحریک کا مقصد ...

گا۔ انہوں نے جواب دیا کہ ... سندھ کو مجبور کرتے ہیں اور دیگر صوبے بھی اسی راستے پر چلیں ... خان عبدالولی خان سے سوال کیا گیا کہ اطلاعات ہیں کہ شاہ احمد نورانی اور غوث بخش بزنجو بھی اس تحریک کی حمایت کر رہے ہیں ...



عزت نفس مجروح کی جائے تو حب الوطنی بھی مجروح ہوتی ہے

لاہور ——— کالعدم جماعت اسلامی کے امیر میاں طفیل محمد ... پاکستان کے ساتھ ... اسلام اور ... جمہوریت ...

... مسٹر باجوہ نے حکومت کو مشورہ دیا کہ زیر حراست سیاسی رہنماؤں کو بلا تاخیر رہا کیا جائے تاکہ وہ اپنی صفوں میں چھپے ہوئے ملک دشمنوں کی سرگرمیوں پر قابو پا سکیں اور حکومت وقت کو مسلح کارکن پیش کر کے تحریک کا مقابلہ کرنے کی بجائے صورت حال کے سیاسی حل میں مدد دے سکیں مسٹر ... نے دائیں بازو کی سیاسی جماعتوں کے مجوزہ اتحاد پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ کس مقصد کیلئے اتحاد کر رہے ہیں اگر انہیں آئین اور جمہوریت کی بحالی مطلوب ہے تو اس کیلئے پہلے سے جدوجہد جاری ہے ان حالات میں اگر کوئی نیا اتحاد قائم کرنے کی کوشش ہوئی تو اس کا مقصد سوائے اس کے کچھ نہیں کہ حکومت کو تعاون فراہم کیا جائے

... فروشی ہے لیکن جرأت تو حکمرانوں پر ہے جو سابقہ حکمرانوں کے تجربات کو فراموش کر کے پھر ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں۔

جناب باجوہ نے کہا ... لوگ فریق ہی نہیں ہیں انہیں بلا کر وقت تو ضائع کیا جا سکتا ہے حالات نہیں سنبھالے جا سکتے۔ ملک کا اصل مسئلہ انتخابات کا انعقاد ...

پاکستان کے شراب کے واحد کارخانے نے 40 لاکھ روپے منافع کمایا

کراچی ——— پاکستان میں شراب بنانے والے واحد لائسنس یافتہ کارخانے نے گزشتہ سال ریکارڈ منافع کمانے کا اعلان کیا ہے۔ ڈیلی ٹائمز کے نامہ نگار نے اپنے حالیہ دورہ پاکستان کے بعد بتایا ہے کہ مذکورہ کارخانے کو ۱۹۸۲ء میں ۴۰ لاکھ روپے کا خالص منافع ہوا جب کہ ۱۹۷۵ء میں صرف ۱۳ لاکھ روپے منافع ہوا تھا۔ نامہ نگار کے مطابق پاکستان میں شراب کی مانگ اور کھپت میں اضافے کے باعث ایک دم اتنا اضافہ ممکن ہو سکا۔ اس منظور شدہ بھٹی میں غیر ملکی سیاحوں، سفارتخانوں اور لائسنس یافتہ مقامی غیر مسلم باشندوں کے لئے بیئر، وسکی، جن، رم، برانڈی اور ووڈکا کشید کی جاتی ہے نامہ نگار کے مطابق مقامی عیسائیوں کو شراب رکھنے اور پینے کے لائسنس بڑی تعداد میں ملے ہوئے ہیں۔ نامہ نگار نے ایک پاکستانی عیسائی لیڈر کے حوالے سے کہا ہے کہ ان عیسائی دوستوں کی آڑ میں زیادہ تر پاکستانی مسلمان ہی خود شراب استعمال کر رہے ہیں۔ نامہ نگار کے مطابق اس واحد لائسنس یافتہ بھٹی کا پارسی مالک وفاقی مجلس شوریٰ کا رکن ہے اس نے کہا ہے کہ وہ امید ہے تیار کی جانے والی وسکی کی مانگ میں اضافے کے باعث اس کی پیداوار میں بھی اضافہ کرے گا۔

قومی پرچم کو بے حرمتی

دادو ——— یہاں سے ۲۵ میل دور دادو میں کالعدم پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے صیاد حمایت تحریک دادو شہر کے دفتر کو نذر آتش کر دیا جس سے دفتر کا تمام فرنیچر جل کر خاکستر ہو گیا اور عمارت کو شدید نقصان پہنچا۔ جلوس کے شرکا نے عمارت پر لہرانے والے قومی پرچم کو بھی اتار کر سڑک پر رکھ کر نذر آتش کر دیا۔ تھرڈ عبث پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے تاہم کسی فرد کو گرفتار نہیں کیا گیا۔

وکلاء کی طرف سے کوڑوں کی سزاؤں کیخلاف سخت اقدامات کی دھمکی

کراچی (رائٹر) پاکستان کے وکلاء نے کہا ہے کہ مارشل لاء کے مخالفین کو مظاہرہ کرنے پر قانون کی حد سے زیادہ سزا دینے کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی وکلاء نے کہا ہے کہ اگر کسی فرد کو مظاہرہ کرنے پر کوڑے مارے گئے تو اس سزا کے خلاف مزید قانونی کارروائی ہوگی ایم آر ڈی کی تحریک سول نافرمانی شروع ہونے کے بعد سے اب تک ۱۳۰ افراد کو کوڑے مارنے کی سزائیں دی جا چکی ہیں۔ مارشل لاء کے تحت ... ۱۹۷۹ء میں ...

... سے گزر کر سخت کوڑے لگائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہیں ... زیادہ طاقت سے کوڑا برسایا گیا ... ملزموں کی طرف سے دس لاکھ روپے فی کوڑا کے حساب سے ہرجانہ طلب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے وکلاء قانون کا جلوس نکالیں گے جس میں کوڑوں کی سزاؤں کے خلاف احتجاج کیا جائیگا اور ملک میں فوراً عام انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا جائے گا۔ کراچی بار ایسوسی ایشن کے صدر حفیظ لاکھو نے اخباری نمائندوں کو بتایا ... عدت اقدامات کی تشریح نہیں کی۔



خواتین

جیتی جاگتی زندگی — شہ فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

عید کا دن میرے لئے خون کے آنسو لے کر آتا ہے

میرا شمار دنیا کے ان لوگوں میں ہوتا ہے جن کے لئے عید سال کا سب سے زیادہ پریشان دن ہوتا ہے۔

میں روزگار کی خاطر بارہ برس پہلے یہاں آیا تھا۔ یہاں آکر ایک فیکٹری میں کام کرنے لگا۔ پانچ سال بعد پاکستان واپس گیا اور شادی ہوگئی۔ شادی کے بعد میں یہاں آگیا۔ ایک سال بعد میں نے اپنی بیوی کو یہاں بلا لیا۔ ایک بچی ہوئی اور بچی کی ولادت کے دوران میری بیوی مجھے چھوڑ کر چلی گئی۔ بچی چند روز تک ہسپتال میں رہی۔ پھر میں نے اپنی بہن کو بلالیا۔ اور وہ بچی کو ساتھ لے کر وطن چلی گئی۔ میری بچی کی عمر پانچ سال ہے اور وہ نانی کے پاس رہتی ہے

میرا جی چاہتا ہے میں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر وطن چلا جاؤں۔ لیکن اب میرے پاس اچھی ملازمت ہے۔ یہاں کی شہریت مل چکی ہے۔ بچی کچھ اور بڑی ہو جائے تو اسے اپنے پاس بلا لوں گا۔ میں سال بھر اپنے کام میں مگن رہتا ہوں۔ میرے تعلقات کچھ پاکستانی گھرانوں سے خوشگوار ہیں۔ انہوں نے کئی بار اصرار کیا کہ میں دوسری شادی کرلوں۔ لیکن میرا دل نہیں مانتا جب عید آتی ہے تو دن خون کے آنسو روتا ہے۔ اپنا گھر اور گاؤں والے یاد آتے ہیں۔ بس اسی پریشانی کے خیال سے یہ خط لکھنے بیٹھ گیا۔

م۔ ج

دوسروں کو اپنے غم میں شریک کرنے اور اپنی تنہائی کی غار سے باہر نکلنے کی یہ پہلی کوشش اور پہلا قدم ہے۔ یہ سطور پڑھتے ہوئے وہ لمحہ یاد کریں جب آپ نے اس خط کو لکھ کر اسے لفافے میں بند کر کے پوسٹ کیا تھا۔ اس وقت آپ خود کو کیسا محسوس کر رہے تھے۔ اپنے بارے میں کسی دوسرے کو بتا کر اپنی پریشانی سے باہر نکلنے کی پہلی سعی ہوتی ہے۔

درست آپ کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ ایک افسوسناک المیہ ہے۔ لیکن آپ اس دنیا میں ایسے واحد شخص نہیں ہیں۔ جو لوگ اپنے غم مناتے رہتے ہیں۔ گویا وہ معذور ہو کر رہ گئے۔ انہوں نے اپنی شکست تسلیم کرلی۔ آپ نے ایسا نہیں کیا۔ آپ ایسا کر بھی نہیں سکتے۔ جب کہ معلوم ہے کہ آپ کی بیٹی کو آپ کی ضرورت ہے۔

لیکن جس ساتھی کی آپ کو ضرورت ہے آپ اسے حاصل کریں۔ اپنے دوستوں کے مشورے پر غور کریں۔ اس سے قبل جو عیدیں آئیں۔ انہیں گھر میں بیٹھ کر گزاریں۔ غریب الوطنی کا احساس اپنی جگہ لیکن یہاں بھی تو ہمارے بہت سے ہم وطن ہیں۔ ان میں کئی آپ کے دوست ہیں عید کی نماز پڑھنے جائیں۔ دوستوں سے ملیں۔ ان کے گھر جائیں۔ پھر انہیں اپنے گھر بلائیں۔ عید یا کرسمس پر آپ کو اپنے اردگرد خوشیاں نظر آتی ہیں ان سے دور رہ کر بھاگنے کی ضرورت نہیں۔ ان پر آپ کا بھی حق ہے۔

ڈرکھا ہے۔ کبھی کسی چیز کی کمی نہیں ہونے دی۔ کچھ عرصے سے میں اپنے آپ میں عجیب تبدیلی دیکھ رہی ہوں۔ وہ یہ کہ میں بہت تنک مزاج ہو گئی ہوں۔ ذرا ذرا سی بات پر چلانے لگتی ہوں۔ چیزیں اٹھا کر پھینک دیتی ہوں۔ میری امی میرے غصے پر کہتی ہیں کہ خواہ مخواہ "اوور ایکٹنگ" کر رہی ہے۔ اس پر مجھے اور غصہ آجاتا ہے۔

میں بہت کوشش کرتی ہوں کہ اپنے آپ پر قابو رکھوں۔ لیکن ایسا نہیں ہو سکتا۔ مجھے خود بھی اپنا چیخنا چلانا پسند نہیں لیکن جب مجھے یہ پتہ چلتا ہے کہ فلاں شخص میرے خلاف ہے۔ یا اگر میں کچھ کرنا چاہتی ہوں تو میری راہ کی رکاوٹ ہے تو میں آپے سے باہر ہو جاتی ہوں۔ اور کچھ نہ ہو سکے تو خود کو مارتی ہوں اور رونے لگتی ہوں۔ پھر بعد میں اپنے اس رویے پر بہت پشیمان ہوتی ہوں۔ آخر مجھے کیا ہو گیا ہے۔

ط۔ ن

اپنا قد بڑھنے لگتا ہے تو ایک مقام وہ بھی آتا ہے جب اپنے سے اوپر نکلنے والے سر برے لگنے لگتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اتھارٹی کے خلاف احتجاج کیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ دور زیادہ طویل نہیں ہوتا۔ لیکن جتنا بھی ہوتا ہے کافی پریشان کن اور تکلیف دہ ہوتا ہے اس مرحلے سے گزر جانا ناگزیر ہے۔ پھر وہ بھی وقت آئے گا جب جی چاہتا ہے کہ کوئی کسی بات سے منع کرنے والا کیوں نہیں۔ کوئی تو ہو جس کا حکم مانا جائے جسے خوش کرنے کے لئے



کر تسلیم ختم کیا جائے۔

بہر حال یہ ضروری ہے کہ آپ جان لیں کہ آخر آپ اپنی ہی بات کیوں منوانا چاہتی ہیں۔ ایک گھر کی فرد ہونے کی حیثیت سے آپ خود مختار نہیں۔ آپ اپنے سرپرستوں کی بات ماننے پر مجبور ہیں۔ یا پھر خود میں اتنی صلاحیت، اتنی خود اعتمادی پیدا کریں کہ انہیں اپنی بات سمجھا سکیں۔ اس عمر میں ایک ہی خبط سوار ہوتا ہے کہ یہ لوگ جنہوں نے ہمیں پالا پوسا ہے ہمارے کفیل ہیں۔ یہ بیچارے کچھ نہیں سمجھتے

آپ کی امی آپ کی حرکتوں کو "اوور ایکٹنگ" کا نام دیتی ہیں تو آپ انہیں سمجھانے سے قاصر ہیں کہ ایسا نہیں ہے۔ لیکن انہیں آپ صرف اس وقت بتا سکیں گی جب آپ کو خود معلوم ہوگا۔ پہلے خود تو سمجھیں۔

براہ راست تصدیق

میری عمر اکیس سال ہے۔ عنقریب میری شادی ہونے والی ہے۔ میری ہونے والی بیوی میرے ایک بہت قریبی دوست کو چاہتی ہے جب سے میری منگنی ہوئی ہے میرا دوست مجھ سے کھچا کھچا رہنے لگا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کیا کروں۔ اگر شادی سے انکار کرتا ہوں تو رشتے داروں میں رسوائی ہوتی ہے اگر شادی کرتا ہوں تو دوست کے ارمانوں کا خون ہوتا ہے۔

ا۔ ے۔ ای

دوست کے بارے میں آپ کے جذبات قابل تعریف ہیں۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ رشتے سے انکار کی قربانی دیتے ہیں تو آئندہ کیا ہوگا۔ رسوائی جو ہوگی وہ تو قطعی الگ بات ہے۔ کیا آپ کی منگیتر کے گھر والے آپ کے دوست کو اپنا داماد بنانے پر راضی ہو جائیں گے۔ وہ صاحبزادے محض خالی خولی عشق بگھار رہے ہیں یا اس سے شادی بھی کرنا چاہتے ہیں۔

وہ آپ سے کھچا کھچا رہتا ہے؟ پہلے سے رشتہ ہو و اس کے علاوہ کچھ اور کرنے کے قابل ہوتا تو آپ کی بجائے اس کی منگنی ہوتی۔ پھر آپ کی شادی بزرگوں نے طے کی ہے آپ نے لڑکی کو اپنے دوست کے ساتھ ورغلا کر اسے اپنی طرف مائل نہیں کیا ہے۔ مجھے بس اتنی سی تشویش ہے کہ آپ شادی کے بعد اس بات کو کہیں اپنی بیوی کے خلاف ہتھیار کے طور پر استعمال کریں یا آپ کے دل میں کوئی میل نہ آجائے۔ ورنہ آپ دونوں کی زندگی تلخ ہو جائے گی۔ نو عمری میں چھوٹی موٹی چاہتیں اور پسندیدگی پیدا ہوتی ہی ہیں۔ کسی کو عمر بھر کا ساتھی بنانے کے لیے اس کے علاوہ اور بہت سی باتیں ملحوظ خاطر رکھنی پڑتی ہیں ویسے مجھے ایک بات بتائیں کہ آپ تک یہ خبر کیسے پہنچی۔ کیا آپ کو اس کا علم پہلے سے تھا۔ اگر تھا تو آپ نے اپنے پیارے دوست کی خاطر اس وقت انکار کیوں نہ کیا۔ میرا خیال ہے اگر ممکن ہو تو اپنی منگیتر سے اس معاملے کی براہ راست تصدیق کر لیں۔ سنی سنائی بات پر یقین نہ کریں ہو سکتا ہے کسی نے آپ کے ذہن میں غلط بات ڈال دی ہو۔

عورتوں کی تعلیم

ہمیں اس بات کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ ہماری تہذیب مغربی تہذیب سے بنیادی طور پر مختلف ہے۔ دونوں میں ایک نمایاں فرق یہ ہے کہ مغربی تہذیب عورت کو اس وقت تک کوئی عزت اور کسی قسم کے حقوق نہیں دیتی جب تک کہ وہ ایک مصنوعی مرد بن کر مردوں کی ذمہ داریاں بھی اٹھانے کے لیے تیار نہ ہو جائے۔ مگر ہماری تہذیب عورت کو ساری عزتیں اور تمام حقوق اسے عورت رکھ کر ہی دیتی ہے اور تمدن کی انہی ذمہ داریوں کا بار اس پر ڈالتی ہے جو فطرت نے اس کے سپرد کی ہیں۔ اس لیے ہمارے ہاں عورتوں کی تعلیم کا انتظام ان کے فطری وظائف و ضروریات کے مطابق اور مردوں سے بالکل الگ ہونا چاہیے۔ یہاں اوپر سے لے کر نیچے تک کسی سطح پر بھی مخلوط تعلیم کا کوئی سوال نہیں پیدا ہوتا۔ عورتوں کی تعلیم میں اس بات کو بھی خاص طور پر ملحوظ رکھنا چاہیے کہ ان کی اصل اور فطری ذمہ داری، ہوائی جہاز اڑانا، کارخانے اور دفاتر چلانے کے بجائے گھر چلانے اور انسان سازی کی ہے۔ ہمارے نظام کو ان کے اندر ایک ایسی مسلمان قوم وجود میں لانے کی قابلیت پیدا کرنی چاہیے جو دنیا کے سامنے اس نظری نظام زندگی کا عملی مظاہرہ کر سکے جو خود خالق کائنات نے بنی نوع انسان کے لیے مقرر فرمایا ہے۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

(تعلیمات)

جس دن کا انتظار تھا۔۔۔۔

بیان شوق

عطیہ اقبال زبیری

ہمیں اس روز سعید کا اس حسین مبارک ساعت کا کتنا انتظار تھا۔ ہم چشم تصور سے دیکھتے کہ خوش شکل گھنگرالے بالوں والا ایک خوش شکل ہمارے دروازے پر کھڑا ہے اور اس بار مسرت موقع پر ہم اپنی قسمت پر نازاں ہیں۔ دوسرے جل رہے ہیں۔ حسد کر رہے ہیں کہ ہمیں اتنا حسین اور بڑی بڑی آنکھوں والا کہاں سے ملا۔ سہیلیاں کھسر پھسر کر رہی ہیں اور ہم فخر سے مسکرا رہے ہیں۔ بھولے نہیں سماتے ہیں۔ بار بار دروازے کی جھری سے جھانکتے ہیں۔ اور پھر مسکرا کے جلدی سے پلٹ آتے ہیں کہ اگر کسی نے جھانکتے دیکھ لیا تو کیا کہے گا۔ مگر پھر دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر جاتے ہیں۔ پھر آکے بیٹھ جاتے ہیں۔ مزید کیا بیان کریں کہ

ع یہ نگاہ شوق کا ذکر ہے دل بے قرار کی بات ہے

اور پھر آخر کار وہ دن قریب آگیا۔ جس کا ہمیں کب سے انتظار تھا۔ ابی جان کو سب نے قیمتی مشوروں اور تاکیدی فقروں کے ساتھ رخصت کیا۔ بلکہ امی جان نے تو جاتے جاتے دونوں بھائیوں کو بھی ساتھ کر دیا۔ اور تاکید کی کہ بھئی چھٹے نزیر جیسے بھی جائیں۔ مگر واپسی پر گھر تک کے لئے کوئی سواری ضرور کر لیجئے گا۔

ہم نے عالم اضطراب میں گیلری میں ٹہلنا شروع کر دیا۔ بلکہ باقاعدہ چکر لگانے شروع کر دیئے کہ

یہ خیال و خواب کی جنتیں یہ فسون شوق کی ساعتیں
یہ دبیک ہی سنہریں یہ انتظار کی بات ہے

کمرے میں سے بھی ڈسکشن کی آوازیں آرہی تھیں۔ ہر شخص اپنے جذبات کا اظہار کر رہا تھا غرض چاروں طرف خوشیاں رقص کر رہی تھیں۔ ہمارے خیال و خواب کی جنتیں پھر آباد ہونے لگیں۔ اس بہانے سے ہم اس سرے تک چکر لگاتے ہوئے ہم نے سوچا۔ مگر نہ معلوم آنے والا کیسا ہو۔ پھر سوچا کہ اچھا ہی ہوگا بلکہ یا اللہ اچھا ہی ہو۔

بستے میں عاشی صاحبہ تیز تیز بھاگتی ہوئی آئیں.... دو چار منٹ ٹھہر کر اپنی بے ترتیب سانسوں کو ترتیب دینے کی ناکام کوشش کی اور پھر مایوس ہو کر دیا کہ گویا ہوئیں۔ باجی.... باجی.... ی۔ ی.... وہ ابی جان ابی جان ہاں ہاں کچھ نہ او پھر بالآخر اس نے اونچی نیچی سانسوں کے درمیان بتا یا کہ ابی جان آگئے ہیں۔ باہر گاڑی کھڑی ہے۔ ابھی انہیں نے اتنا ہی کہا تھا کہ ابی جان اندر آگئے۔ ہماری نظر ابی جان کے برابر جا پڑی اور ...... اور ......

ع اس حسین کا میری جانب مسکرا کر دیکھنا
جیسے پہلو دل لیا مگر سیوا معتقد دیکھنا!

واقعی یہ تو ہمارے انتخاب کے عین مطابق ہے۔ بالکل ہمارا آئیڈیل!

سارے محلے میں دھوم مچ جائے گی۔ کتنے خوبصورت بال ہیں مناسب لمبائی چوڑائی۔ خم کھائے ہوئے سینگ۔ جسم گٹھا ہوا۔ گردن پست۔ کتنا حسین ہے۔ اللہ ہر لحاظ سے کتنا مکمل ہے۔ دانت۔ آنکھ۔ کان سب سلامت ہیں۔ ہم نے ہمارے اشتیاق کے پردے آنکھیں کھول کر پھر اس کی طرف دیکھا اور

ع مجھ کو بے خود کر گئی تھی اس کی پہلی ہی نظر
دل لٹا کر نے گیا ان کا مکرر دیکھنا

ہم نے خوشگوار مسکراہٹ کے ساتھ دل ہی دل میں سوچا کہ اس مرتبہ تو سب کی کرکری ہو جائے گی ہمارے آگے۔ ہمیں خوب یاد آنے لگا کہ پچھلے سال ظفر صاحب کے ہاں کیسا شاندار بکرا آیا تھا۔ ان کی لڑکیاں کیسی سارے میں اتراتی پھر رہی تھیں۔ پہلے ہی دن قربانی کر ڈالی۔ مگر وہ تو بعد میں پتہ چلا کہ اتنا مہنگا جانور خریدا تھا کہ مزید ایک آدھ دن چارہ کھلانے کے لیے پیسے ہی نہ تھے۔ مگر خیر شو تو خوب ہو گئی۔ سارے محلے میں چرچا تھا۔ اور وہ بیگم فیصل خان کو دیکھو کیسی اکڑی اکڑی پھر رہی تھیں۔ حالانکہ دو دانت سے پورا سا بکرا لاتے تھے ادا خیر کچھ بھی ہو کمال تو تھا نا!

سہیلیاں بار بار پوچھتیں۔ کیوں کیا اس مرتبہ تمہارے ہاں قربانی نہیں ہو رہی؟ جانور نہیں آیا ابھی تک۔ خصوصاً ظفر صاحب کی لڑکیاں تو جان کو آگئیں۔ اور ابی جان کو دیکھو انہوں نے گائے میں حصہ لے لیا۔ بس چپ چاپ گوشت گھر آگیا۔ اور بٹ گیا اور جو ہم نے دبی دبی زبان سے کچھ کہنا چاہا تو ابی جان نے جواب دیا۔ قربانی تو اللہ کی رضا کے لئے ہوتی ہے یہ بھی ایک دینی۔ ہم نے کب کہا ہے کہ جانے سنے بھی تو ہے۔ بس ایک ذرا سا شہرہ ہو جاتا تو کیا تھا۔ مگر خیر کوئی بات نہیں۔ اگلی بار ہمارا حساب صاف کر دیا جائے گا۔ ہم نے شاہانہ انداز کے ساتھ دل ہی دل میں حساب لگانا شروع کر دیا۔ زبردست چیز ہے۔ ڈھیر سارا گوشت نکلے گا ہر ہر حصہ۔ واہ بھئی واہ اپنی تو پر ستائش ہوگی

اسکی بولتی ہوئی گہری سیاہ آنکھوں سے چرٹ ہونے لگی

مارکیٹ ویلیو بن جائے گی۔ یہ سوچ کر ہم نے جائزہ لینے والی نظروں سے پھر اس کی طرف دیکھا تو بکرے کی بڑی بڑی سیاہ آنکھوں سے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ کہہ رہا ہو......

ع اس سے بڑھ کر عقلمندی کی نہیں کوئی دلیل
پاؤں پھیلانے سے پہلے اپنی چادر دیکھنا

اللہ میاں جان آج کیا جانور لائے ہیں۔ ہم نے کچھ ٹھٹک کر اور کچھ سہم کر ادھر ادھر جانب دیکھا۔ لگتا ہے اس کی آنکھیں بولتی ہیں۔ ہمیں بکرے کی گہری گہری آنکھوں سے چڑ ہونے لگی دیکھ بکرے سے ہمیں لیکن ہم نے سنا ہے کہ قربانی کے جانور سے (خصوصاً) چڑنا نہیں چاہیے۔ (لہٰذا جبراً) مسکرا کر پھر دیکھا تو ایسا لگا کہ بکرا ہمیں طنزیہ نظروں سے دیکھ رہا ہو۔ جیسے کہ اسے ہمارے دل کی ایک ایک بات کا علم ہو کہ ہم کیا کیا سوچ رہے ہیں کہ سارے محلے جل رہے ہوں گے ہماری نوزیلیفن جیسی ہوگی وغیرہ وغیرہ۔

نہیں نہیں یہ ہمارا وہم ہے۔ مگر یہ کیا۔ ایسا لگ رہا ہے۔ جیسے وہ کہہ رہا ہو!

ع خدا نہیں نزرے بیلی نظر خدا کی ہے
جیسے وہ کہہ رہا ہو!

حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے تو اللہ کے لیے بیٹے کی قربانی دی تھی اور تم سے ایک جانور کی قربانی بھی خالص اللہ کے لیے نہ ہو سکی۔ تمہیں پڑوسیوں، رشتہ داروں، سہیلیوں کی خوشنودی کا خیال ہے۔ مگر اللہ کی خوشنودی......

ہمیں لگا وہ اداس ہو رہا ہے۔ اس کی آنکھوں میں دکھ اور سوگواری کا سایہ ہے۔ محسوس ہوا۔

جیسے وہ کہہ رہا ہو!

اللہ کو گوشت اور خون نہیں پہنچتا بلکہ تمہاری وہ خالص نیت پہنچتی ہے جس نے تم سے غیر اللہ کو ترک کر کے اللہ کی طرف رجوع کرایا۔ پھر ہمیں ایسا لگا

جیسے وہ رو رہا ہو۔

جیسے وہ ہماری قوم کا اپنی قوم سے موازنہ کرنے لگا ہو۔ پھر ہمیں ایسا لگا۔

جیسے وہ کہہ رہا ہو

ع اشرف المخلوق انسان کو بھی شرماتا ہوں میں
جانور ہو کر شہیدوں میں ہوا جاتا ہوں میں
دیکھو اور معتبر بندے میری قسمت کا عروج
اپنے رب کے نام پر قربان ہو جاتا ہوں میں

پتہ نہیں آج ہماری ذہنی رو کو کیا ہو گیا ہے۔ پتہ نہیں کہاں بھٹکی جا رہی ہے۔

پہلے خود کو سمجھیں

میری عمر سولہ سال ہے۔ میں اے لیول کر رہی ہوں۔ میں بہن بھائیوں میں بڑی ہوں۔ ہمیشہ پڑھائی میں بہت اچھی رہی ہوں۔ گھر کا ماحول خوشگوار ہے امی ڈیڈی نے ہم بہن بھائیوں کو ہمیشہ بہت پیار سے

منتخب افسانہ ——— ستار طاہر



اس رات بہت بارش ہوئی خیموں کی اس بستی میں ہر طرف پانی جمع ہو گیا، جہاں پانی جمع نہ ہو سکا، وہاں کیچڑ نے اپنے لئے جگہ بنالی۔ میرے بوڑھے باپ کو کئی دنوں سے شدید بخار تھا رات کی بارش نے اس کی طبیعت مزید خراب کر دی، جب صبح سورج گدلے بادلوں اور کیچڑ پر اپنی کرنیں بکھیرنے لگا تو میرے باپ کا سانس دھونکنی کی طرح چلنے لگا، میری بیوی نے کہا "آپ دیکھ نہیں رہے، ان کی طبیعت کتنی خراب ہے، دوا لائیے، ڈاکٹر کو بلوائیے۔"

میں نے فاطمہ کی طرف دیکھا، اس کے عارض کے گلاب مرجھا چکے تھے، ہونٹ جو کبھی خوبانی کی طرح سرخ ہوتے تھے، اب نیلے ہو رہے تھے اس کی آنکھیں جن میں ستارے چمکتے تھے اب ان میں ویرانی اتر آئی تھی، اس کی ستواں ناک کا بانسا نمایاں ہو گیا تھا۔ دنیا بدل چکی تھی وہ خود بدل چکی تھی، لیکن کبھی کبھی وہ بھول جاتی تھی کہ ہم اپنے وطن میں نہیں ہم یہاں دوسرے ملک میں فلسطینیوں کے کیمپ میں ہیں، ہم بے وطن ہیں، وہ بھول جاتی کہ ہمارے پاس کچھ نہیں...... کچھ بھی نہیں......

میں نے ایک نظر فاطمہ کو دیکھا، پھر اپنی دس برس کی بیٹی عمیرہ کو...... وہ اپنے دادا کے پاس بیٹھی ان کے منہ سے پانی کا گلاس لگا رہی تھی تھوڑا پانی کچھ منہ کے اندر جا رہا تھا، کچھ باچھوں سے باہر نکل کر بہہ رہا تھا، میرے باپ آخری سفر کے آخری لمحوں میں تھا میں جانتا تھا کہ اب اسے کوئی دوا کوئی معالج نہیں بچا سکتا، لیکن اگر کسی طرح کوئی اسے یہاں سے اٹھا کر وطن لے جاسکے تو وہ اطمینان اور سکون سے مرتا، سکون سے جان دیتا، میں اپنے باپ کی طرف بڑھا وہ بد ہیئت گدی جس پر وہ لیٹا تھا پرانی تھی اس میں سے بو آ رہی تھی، وہ رات کی بارش سے بھیگی ہوئی تھی۔

میں اپنے باپ کے پاس بیٹھ گیا اس نے میری طرف دیکھا اس کی آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی ایک عجیب قسم کی دھندلاہٹ کو میں خود محسوس کر رہا تھا پتہ نہیں یہ میری اپنی آنکھیں دھندلا رہی تھیں یا میں اپنے باپ کی دھندلائی آنکھوں کو دیکھ رہا تھا، میرے باپ نے بوجھل اور ٹوٹی سانسوں کے ساتھ اپنی ساری توانائی اکٹھی کر کے بولنا شروع کیا، مجھ سے اپنے باپ کی آواز پہچانی نہ جا رہی تھی۔

"تمہاری ماں...... وہیں مر گئی...... اچھا ہوا اچھا ہوا...... لیکن خاک اچھا ہوا...... میں نے سنا ہے...... وہاں وطن میں یہودیوں نے ہل چلوا دیئے...... قبرستان پر بلڈوزر چلا دیئے ہیں...... اس کی قبر کا نشان بھی مٹ گیا ہوگا...... چلو، وہ اس ہی...... میں تو مل گئی...... میں یہاں ہوں...... سنو...... میں تم سے ایک بات کہنا چاہتا...... ہوں میرے بیٹے......"

میرے مرتے ہوئے باپ نے میرا ہاتھ یوں ٹٹول ٹٹول کر پکڑا، جیسے کوئی اندھا دوسرے کے ہاتھ کو پکڑتا ہے، اس کا ہاتھ سرد تھا فاطمہ میرے باپ کے پیروں میں بیٹھی تھی، اس کی آنکھیں آنسو بہا رہی تھیں حیرت اور دکھ سے مرتے ہوئے دادا جان کو دیکھ رہی تھی، وہ اپنی زندگی میں پہلی بار کسی کو مرتے ہوئے دیکھ رہی تھی، یہ تجربہ اس کے لئے بہت ہولناک تھا خوف اس کے چہرے پر صاف دکھائی دے رہا تھا۔

"میرے بیٹے...... میرے بیٹے" میرا باپ کہہ رہا تھا "میں ایک بات...... کہنا چاہتا ہوں...... آخری بات...... مجھے امانت سمجھ کر دفنانا...... ہاں...... امانت کے طور پر...... جب فلسطین آزاد ہو جائے...... تو میں قبرستان کو ڈھونڈنا...... جہاں تمہاری ماں کو دفن کیا گیا تھا...... اور مجھے اس کے پاس دفنا دینا...... سنو...... سنو...... سنو...... اگر تمہاری ماں کی قبر کا نشان مٹ چکا ہو تب بھی مجھے میرے گاؤں میں دفنانا...... اور ہاں...... ہاں...... ہم بے گھر ہیں، لیکن ہمیں اپنا وطن واپس لینا ہے...... سنو...... اپنا سر اونچا رکھنا...... تمہارا سر اونچا رہے گا تو فلسطین کا سر اونچا رہے گا...... ہاں...... سر...... اونچا رکھنا......"

مجھے احساس ہوا میری آنکھیں بھی دھندلا رہی ہیں...... پھر میں نے دیکھا اونچا سر رکھنے کی تلقین کرنے والے میرے باپ کا سر ڈھلک گیا ہے اس کے ہاتھ کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی ہے، وہ مر چکا تھا، وطن سے دور...... میں نے ایک نظر اپنی بیٹی کو دیکھا...... ایک نظر اپنی بیوی کو اور پھر آنکھیں پونچھتا ہوا خیمے سے باہر نکل آیا، باہر کیچڑ تھا، پانی تھا، تھوڑی دیر میں کیمپ انچارج کے پاس پہنچ گیا، اسے اپنے والد کی موت کی خبر دی۔

اسی روز شام سے پہلے میرے والد کو کیمپ کے قریبی قبرستان میں دفنا دیا گیا امانت کے طور پر، جنازے میں کیمپ کے لوگ شریک ہوئے، بچے، بوڑھے، جوان سب وطن سے دور تھے، سب وطن جانے کی آس میں بے وطنی کی زندگی بسر کر رہے تھے، سب کے چہرے طول تھے، سب سوگوار تھے، وہ میرے خیمے کے پاس آکر بہت دیر تک میرے پاس کھڑے رہے ایک تھا تسلی دینے کی جگہ نہ تھی کہ سب کو بٹھایا جاتا اور اگر تھوڑی بہت جگہ تھی بھی تو وہاں خشک زمین کی بجائے پانی اور کیچڑ تھا......

جب وہ سب چلے گئے تو میری بیوی نے میری طرف دیکھا وہ جو کچھ کہنا چاہتی تھی، وہ میں جانتا تھا، اس کی آنکھوں میں سب کچھ لکھا ہوا تھا لیکن میں اسے سننا چاہتا تھا جب سے خیمے میں داخل ہو کر اپنی بیٹی عمیرہ سے پوچھا "تم نے کچھ کھایا؟" وہ میرے چہرے سے تک کر زار و قطار رونے لگی، میں جانتا تھا کہ میری بیٹی کم عمر ہے، لیکن وہ بہت گہری ہے، بہت حساس اور سوچنے والی، اسے اپنے دادا جان کی موت کا بہت افسوس اور دکھ ہوا تھا، میں خود بھی دکھی تھا، لیکن کیا کر سکتا تھا ہم سب کیا کر سکتے تھے؟ اس سب کے باوجود وہ غریب الوطنی کی المناک موت کے باوجود میرے باپ نے مجھے مرتے ہوئے کہا تھا! "اپنا سر اونچا رکھنا" گویا سر اونچا رکھنا بہت آسان کام تھا، جیسے سر اونچا رکھنے سے ساری مشکلات، دشواریاں اور پریشانیاں ختم ہو سکتی تھیں، لیکن سر کیسے اونچا رکھا جا سکتا ہے؟ ہم سب کیمپ میں تھے وہ ہمارا گھر تھا نہ ہماری زمین، وہاں کچھ بھی تو نہ تھا، اس غریب الوطنی اور بے بسی کے دنوں میں سر اونچا رکھنے کی تلقین کرنا بھی خوب تھا۔

میری بیٹی کا چہرہ زرد پڑ رہا ہے، رونے سے اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی ہیں، اس کا جسم کمزور پڑتا جا رہا ہے اس نے اپنے دادا جان کی موت کو بہت شدت سے محسوس کیا ہے ان کی موت نے اس کو بڑا دھچکا لگا ہے اس نے میری آنکھوں میں جھانک کر دیکھا، میں نے اس کی آنکھوں میں بہت سے سوال دیکھ لئے تھے اس نے میری آنکھوں میں کیا دیکھا، یہ میں نہیں جانتا میں اپنے آپ کو کمزور اور لرزتا ہوا محسوس کر رہا تھا، کیونکہ میں جانتا تھا عمیرہ مجھ سے جو سوال پوچھنے والی تھی، میرے پاس ان سوالوں کا کوئی تسلی بخش جواب نہ تھا اور اگر کوئی جواب تھا بھی تو میں ایسے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے گھبراہٹ محسوس کر رہا تھا "ابو...... دادا جان نے تمہیں کیا کہا تھا؟" میں نے اپنی بیٹی کے نازک اور دبلے پتلے ہاتھ کو دیکھا نیلی رگیں ہاتھ کی جلد کے اندر سے جھانک رہی تھیں "وہ...... وہ کہہ رہے تھے کہ سر اونچا رکھنا"

"ہاں ابو یہ بات میں نے سنی تھی۔" میری بیٹی نے کہا "مگر ابو، سر کس طرح اونچا رکھا جا سکتا ہے، سر تو ویسے بھی سارے جسم میں اونچا ہوتا ہے" میں سوچنے لگا، میری سوچ الجھی ہوئی تھی میں جلد از جلد اپنی بیٹی کے سوال کا جواب دینا چاہتا تھا لیکن میرے لئے سوال کا جواب دینا مشکل ہو رہا تھا بہرحال

میں نے کہنا شروع کیا "عمیرہ، تم جانتی ہو کہ ہم کون ہیں"؟...... "ہاں ابو، ہم مسلمان ہیں اور فلسطینی" میں نے توصیفی نگاہوں سے اپنی بیٹی کی طرف دیکھا، وہ اپنی شناخت جانتی تھی، اپنی پہچان سے واقف تھی، میں نے آہستہ آہستہ بوجھل دل کے ساتھ پوچھا "عمیرہ تم جانتی ہو کہ ہم اپنے وطن سے......" میری بیٹی نے میرا جملہ مکمل نہیں ہونے دیا۔ وہ جذباتی اور جوشیلے انداز میں بولی "ابو مجھے سب معلوم ہے کہ ہم سب بے گھر ہیں، یہودی ہماری زمین، ہمارے گھروں اور ہمارے وطن پر قبضہ کر چکے ہیں ابو مجھے بتائیے کہ جب دادا جان نے کہا تھا کہ ہمیشہ اپنا سر اونچا رکھنا، تو اس کا مطلب کیا تھا؟"

میں سوال کا جواب دیتے ہوئے ہچکچاہٹ محسوس کر رہا تھا جس سوال کا صحیح جواب مجھے پہلے سوجھ نہ رہا تھا، جس سوال کے اظہار کے لئے مجھے الفاظ مناسب الفاظ نہ مل رہے تھے۔ اب میں نے محسوس کیا تھا کہ میں اس مشکل، جان لیوا، اذیت ناک سوال کا جواب دے سکتا ہوں۔ میں نے آہستہ آہستہ کہنا شروع کیا پھر میں نے محسوس کیا کہ میرے لہجے میں آبشاروں کی سی تندی اور پہاڑ پیدا ہو چکا ہے۔

"عمیرہ، میری بیٹی...... ہم دنیا کے ان لوگوں میں سے ہیں جو آزاد ہیں، مگر ان کا وطن غلام ہو چکا ہے ہم غلام نہیں، ہمارا وطن دشمن کے قبضے میں ہے ہم وطن سے دور ہیں بہت دور، لیکن بہت تیز ریگ ہوا چلتی ہے تو اس میں فلسطین کی مٹی کی خوشبو بھی ہوتی ہے، فلسطین ہمارے دلوں کے قریب ہے مگر آنکھوں سے بہت دور ہم ایک ایسی زندگی گزار رہے ہیں جس کو سمجھنا خود ہمارے لئے بھی مشکل ہو رہا ہے اپنے وطن سے کٹ کر، ہم غریب الوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں ہمیں اپنے وطن واپس جانا ہے، اپنا وطن واپس لینا ہے، یہودی جو ہمارا گھر، اپنے کھیتوں، اپنے گھروں، اپنی زمینوں سے نکالتا ہے لیکن جب تک ہم واپس نہیں جا سکتے، جب تک ہم غریب الوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں، ہمیں ایسا کوئی کام نہیں کرنا جس سے ہمارے وطن کے نام کو بٹہ لگے، ہمیں کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا نہیں، ہمیں اپنے نصب العین کو بھلانا نہیں، ہمیں کسی کے آگے جھکنا نہیں، ہمیں کسی سے بھیک نہیں مانگنی، ہمیں کسی کے سامنے گڑگڑانا نہیں، ہمیں زندہ رہنا ہے یہ دکھ سہنا ہے، ہر تکلیف خندہ پیشانی سے برداشت کرنی ہے ہمیں دشمنوں سے لڑنا ہے، اور یہ سب کچھ اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے کہ ہمارا سر اونچا رہے تمہارے دادا نے یہی کہا تھا کہ ہمیشہ سر اونچا رکھنا، فلسطین سے یہودیوں نے ہمیں نکال دیا، ہمارے گھروں کو لوٹ لیا ہماری زمینیں ہڑپ کر لیں، تمہاری دادی مر گئی، تمہارے دو چچا مر گئے، تمہارے ایک ماموں اور بھائی کو قتل کر دیا گیا، تمہارے دادا جان نے بہت دکھ سہے، لیکن انہوں نے اپنا سر ہمیشہ اونچا رکھا وہ وطن واپس جانا چاہتے تھے، وطن کی یاد اور محبت ان کے دم بدم اور ہر ہر سانس میں رچی بسی تھی۔"

میں نے اسے کہا، "یہ بات سمجھنا بہت مشکل ہے کہ ہم آزاد ہیں، لیکن وطن غلام ہے ہم آزاد ہیں لیکن غریب الوطن ہیں، ہم اپنے وطن کی امانت ہیں جو وطن سے دور ہو چکی ہے...... ہمیں اپنے آپ کو اپنے وطن کی امانت کو، اپنے وطن کو سونپنا ہے، اپنی زندگی، اپنی موت، اپنا ہر چیز وطن کی نذر کرنا ہے۔"

میری بیٹی سب کچھ سن رہی تھی، میں جانتا ہوں اسے اپنے والد، اپنے بہن بھائی یاد آ رہے تھے، جو مارے گئے تھے، میں اپنی بیٹی سے بہت دیر تک باتیں کرتا رہا، کبھی کبھی میرے دل میں خیال آتا ہم کیسے زمانے اور کیسے حالات سے گزر رہے ہیں کہ اس عمر میں جب لڑکیاں پریوں اور پھولوں کی کہانیاں پڑھتی اور سنتی ہیں، جب اسے مرنے والوں، غلام وطن اور آزاد بے وطنی اور امانتوں کی کہانی سنانا پڑا...... یہ سب کچھ کتنا ہولناک، کتنا حیرت ناک اور کتنا ناقابل یقین ہے۔

پچھلی رات سے موسم کی بارشیں ہوئی تھیں اس رات فلسطینی مہاجرین کے اس کیمپ پر یہودیوں کے طیاروں نے گولیوں اور بموں کی بارش کر دی، دھماکوں اور گولیوں کی آواز سے شور مچا تھا، میری بیوی اور میری بیٹی پہلے سے جاگ رہی تھیں...... میری بیوی کی آنکھوں میں خوف تھا لیکن میری عمیرہ کی آنکھوں میں جوش اور انتقام دکھائی دے رہا تھا، میں اٹھ کر ان کی طرف لپکا اور اسی لمحے میرے احساس کے درمیان دھواں اور مٹی کی دیوار کھڑی ہو گئی میرے اندر سے کئی چیخیں نکلیں لیکن ہونٹوں تک نہ آ سکیں، میں نے اندھیرے دھوئیں اور مٹی کے غبار میں ان کو ٹٹولا میرے ہاتھ خون سے بھیگ گئے عمیرہ! عمیرہ!...... عمیرہ عمیرہ" میری آنکھوں میں دھواں اور مٹی بھری ہوئی تھی، نتھنوں میں بارود کی بو...... مجھے کچھ دکھائی نہ دے رہا تھا، میں چیخا! "عمیرہ عمیرہ! پھر کوئی میرے بازوؤں میں تھا میرے بازوؤں نے اس کو پہچان لیا وہ میری بیٹی تھی

وہ کراہ رہی تھی، گولیاں اور بم برس رہے تھے دھماکے کی آوازیں شور "عمیرہ عمیرہ......" میں چیخا "ابو...... ابو......" "عمیرہ...... عمیرہ!" "ابو...... ابو" وہ بولی "ابو......"

"میری بیٹی...... میں سن رہا ہوں......" میں اس پر جھک گیا، میرا دل کچھ کہہ رہا تھا مگر میں اپنے دل کی کوئی بات سننے کے لئے تیار نہ تھا "کہو عمیرہ کہو...... ابو...... ابو...... میں بھی وطن کی امانت ہوں جب وطن آزاد ہو تو مجھے وطن لے جانا...... وطن" دھماکے، گولیوں کی بارش میں یہ آواز ڈوب گئی مگر میرے دل میں گونجتی رہی۔

"عمیرہ عمیرہ!" میں چیخا "فاطمہ، فاطمہ......" مگر میری بیٹی عمیرہ نے میری چیخ و پکار کا جواب دیا نہ میری بیوی فاطمہ نے۔

میں نے ٹٹول ٹٹول کر فاطمہ کو بھی اپنے قریب کر لیا، میں وہاں بیٹھا رہا جانے کب تک...... پھر خاموشی چھا گئی، دھوئیں اور مٹی کا غبار چھٹ گیا میری آنکھیں دیکھنے کے قابل ہو گئیں، وہ دونوں میرے پاس تھیں۔ خون میں لت پت...... مردہ میری آنکھیں دھندلانے لگیں، سر جھکنے لگا۔ اچانک مجھے اپنے باپ کی آواز سنائی دی: "سر اونچا رکھنا" اور میں نے سر کو اونچا کر لیا اپنی بیٹی کی طرف دیکھا اس نے کہا تھا، میں وطن کی امانت ہوں جب وطن آزاد ہو تو مجھے وطن لے جانا۔"

وطن...... وطن کی امانتیں......

یہ میری کہانی ہے میں آپ سے سارے مسلمانوں سے پوچھتا ہوں، میں کب وطن جاؤں گا کب یہ امانتیں وطن کو لوٹاؤں گا مجھے آپ کے جواب کا انتظار ہے۔

fortnightly
al-Hilal

Vol.12 No.12 **50 ¢**
September 10, 1983
Ph: (416) 474-9292, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: **S. Sajjad Hyder**
Managing Dir. **M. Lateef Owaisi**

اسمبلیوں کے اراکین صدر کا انتخاب کریں گے

سیکولرازم کے حامی افراد اسمبلیوں کے انتخابات میں حصہ نہیں لے سکیں گے، انصاری کمیشن کی رپورٹ



موروہیں پولیس اور مسلح افراد میں تصادم کے بعد ایک پولیس کانسٹیبل کی لاش پر کھڑے کچھ لوگ۔

خواتین صدارتی انتخاب کیلئے نااہل ہونگی

کمیٹی کے رکن جسٹس گل محمد کا رپورٹ کے بعض حصوں پر اعتراض

[illegible]

مورو میں پولیس اور مسلح مشتعل ہجوم میں تصادم

پولیس کے سات ملازمین سمیت بارہ افراد ہلاک ہو گئے

[illegible]

پنجاب میں ایم آر ڈی کی گرفتاریوں کے باوجود امن و امان ہے

روپوش ہونے والے دہشت گردوں کی تلاش کا سلسلہ جاری ہے

[illegible]

جماعت اسلامی کے رہنماؤں سے صدر جنرل ضیاء الحق کے اہم مذاکرات

دو گھنٹے کی ملاقات کے دوران سیاسی صورت حال پر غور کیا گیا

"میں صلاح مشورہ کا سلسلہ جاری رکھوں گا" ——— صدر جنرل ضیا

[illegible]

روزنامہ "امن" پر پریس سنسرشپ عائد کر دی گئی

[illegible]

دو ہفتہ تک جمعیت علماء پاکستان تحریک جمہوریت میں شامل ہو جائے گی

کارکنوں کو تیار رہنے کے لئے ہدایات جاری کر دی گئیں ۔ مولانا نورانی

[illegible]

اصغر خان کی کتاب ضبط کر لی گئی

[illegible]

۱۱ وکلاء کے خلاف مقدمہ

[illegible]